★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 22 شوال 1446ھ، 21 اپریل 2025ء 8 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 167

جماعت اسلامی کی اسلام آباد میں امن مارچ کی یقین دہانی، ٹریفک بحال

پرامن مارچ کی یقین دہانی کروانے کے بعد فیض آباد کو عام ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا، ریڈ زون اور ایکسٹینڈڈ ریڈ زون کے تمام داخلی و خارجی راستوں کو کنٹینرز اور خاردار تاروں سے بند کر دیا گیا ہے، ذرائع

فیض آباد کو کھولنے کے بعد پولیس کی نفری بھی ہٹا لی گئی ہے، عت اسلامی کی جانب سے غزہ مارچ کے پیش نظر سیکیورٹی انتہائی سخت کر دی گئی تھی، شہریوں کا امن خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی: اسلام آباد پولیس



لاہور: الحمراء میں پنجاب ثقافت دیہاڑ میں صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری فنکاروں کی پرفارمنس دیکھ رہی ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) جماعت اسلامی کی جانب سے انتظامیہ کو ایکسپریس وے پر پرامن مارچ کی یقین دہانی کروانے کے بعد فیض آباد کو عام ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا۔ غزہ ملین مارچ کے لیے جگہ کی تبدیلی کے بعد ہیوی مشینری کی مدد سے صبح لگائے گئے تمام کنٹینرز ہٹائے جا رہے ہیں۔ فیض آباد، مری روڈ، ایکسپریس وے، رابطہ سڑکیں اور ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کیا گیا تھا۔ رابطہ سڑکیں بند ہونے سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں پہلے فلم سٹی، فلم سٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب فلم سکول کے قیام کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ نے منظوری دے دی، نواز شریف آئی ٹی سٹی میں فلم سٹی، فلم سٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب کیلئے جگہ مختص، ڈیزائن سمیت دیگر اقدامات پر پیشرفت کا پہلا جائزہ بھی مکمل

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فلمی صنعت کی بحالی کے لیے تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے امدادی رقوم کی فراہمی کے لیے 8 رکنی خصوصی کمیٹی قائم کر دی ہے۔ پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کمیٹی کی کنوینر ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاک گلف تعاون کونسل انسداد منشیات کانفرنس میں سعودی عرب کے اعلیٰ سطحی وفد کی شرکت، مشکوہ میں وزیر داخلہ

وزیر داخلہ سے سعودی سفیر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون بڑھانے کے حوالے سے تبادلہ خیال

انسداد منشیات اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سعودی عرب کے ساتھ تعاون بڑھانا چاہتے ہیں، سعید المالکی سے وزیر داخلہ کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون بڑھانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ڈپلومیٹک انکلیو سعودی سفارتخانے آمد پر سعودی عرب کے سفیر نے وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا۔ وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مسیحی برادری نے ایسٹر کا مذہبی تہوار مذہبی جوش و خروش سے منایا، گرجا گھروں میں دعائیہ تقریبات

گرجا گھروں میں خصوصی عبادات کی گئیں، ملک و قوم کی سلامتی کیلئے بھی دعائیں مانگی گئیں، سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات، ایسٹر روزوں کے ایام کے بعد منایا جانے والا مسیحی تہوار ہے

ہور سمیت ملک بھر میں سیکورٹی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا۔ مسیحی عبادتگاہوں کیلئے خصوصی سیکورٹی پلان ترتیب دیا گیا جس کے تحت گرجا گھروں کے اندر اور باہر پولیس اہلکار تعینات رہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مسیحی برادری نے ایسٹر کا تہوار مذہبی جوش و خروش سے منایا، اس دن کی مناسبت سے گرجا گھروں میں خصوصی عبادات کی گئیں، ملک بھر کے گرجا گھروں کے لئے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دنیا بھر میں بسنے والے مسیحی نے گزشتہ روز ایسٹر کا تہوار مذہبی جوش و خروش سے منایا۔ ایسٹر روزوں کے ایام کے بعد منایا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف پولیو مہم کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آرمی چیف، پاک فوج کا معاشی بہتری میں اہم کردار ہے، عطا اللہ تارڑ

دنیا کے مالیاتی ادارے تعریف کر رہے ہیں پاکستانی معیشت بہتر ہوئی ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت بحالی کی جانب گامزن ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے معیشت بحال کی، آرمی چیف جنرل عاصم منیر، پاک فوج اور ایس آئی ایف کا معاشی بہتری میں اہم کردار ہے۔ ایسٹر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا کہ اپنی لیڈر شپ اور مسلم لیگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

مسیحی برادری کی یقین پاکستان کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی رہے گی

شہباز شریف

یہ دن ہمیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ اور تعلیمات کی یاد دلاتا ہے، یہ موقع ہمیں ایثار، درگزر اور امن جیسی آفاقی اقدار پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب دیتا ہے: ایسٹر پر پیغام

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کے نمایاں کردار کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، مسیحی برادری کی محنت، دیانت اور خدمات ہمارے لیے قابلِ فخر سرمایہ ہیں: وزیر اعظم شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایسٹر کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں مسیحی برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر تجدید اور اُمید کی علامت ہے۔ ایسٹر ہمیں اپنے پیغام میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن مقامی یونیورسٹی میں غزہ مارچ میں شرکت کے بعد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایوان بالا کا کردار ہمیشہ تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دینے پر قائم رہا ہے، سید ال خان

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان نے مسیحی برادری کو ایسٹر کے پُرمسرت موقع پر دلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

پاکستانیوں اور فلسطینیوں میں رشتہ ایمان اور عقیدہ کا ہے: نعیم الرحمٰن

حکمران اور اپوزیشن پارٹیوں میں ٹرمپ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مقابلہ جاری ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اسرائیلی سفاکیت کے خلاف احتجاج کا مذاق اڑانے اور تاویلیں پیش کرنے والے دراصل مزاحمت مخالف اور امریکا کے تابع دار ہیں، استعمار کے آلہ کار کنفیوژن پیدا نہ کریں، حکمران اور اپوزیشن پارٹیوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

کسی صوبے کا دوسرے صوبے کے حصے میں نہیں جا سکتا، رانا ثناء اللہ

نواز شریف اور شہباز شریف نے پیپلز پارٹی سے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی ہدایت کی ہے: مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ کسی صوبے کا پانی دوسرے صوبے کے حصے میں نہیں جا سکتا، اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ملک میں آئینی طریقہ کار اور قوانین موجود ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پانی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

پاکستان کا فخر عالمی ریڈیالوجی کا ستارہ ڈاکٹر سید حسن بخاری



ڈاکٹر سید مسعود بخاری

ڈاکٹر سید حسن بخاری فیصل آباد کے معروف ڈاکٹر سید مسعود بخاری کے صاحبزادے ہیں

سید مسعود بخاری نے فیصل آباد کے کئی ہسپتالوں میں بطور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ خدمات سرانجام دی ہیں

ڈاکٹر سید حسن بخاری

فیصل آباد (ملک بشیر احمد سے) ڈاکٹر سید حسن بخاری ایک ایسا نام ہے جو نہ صرف طب کے میدان میں مہارت اور جدت کا نشان بن چکا ہے بلکہ انسانی خدمت، اخلاقی وقار اور علم کی روشنی کا ایک روشن مینار بھی ہے۔ وہ ان خوش نصیب معالجین میں سے ہیں جنہوں نے طب کو صرف پیشہ نہیں، بلکہ ایک مقدس فرض سمجھ کر اپنایا، ڈاکٹر حسن بخاری فیصل آباد کے معروف ڈاکٹر سید مسعود بخاری کے صاحبزادے ہیں، مسعود بخاری جنہوں نے فیصل آباد کے کئی ہسپتالوں میں بطور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ خدمات سرانجام دی ہیں اور ان کا نام میڈیکل کے شعبہ میں اپنی ایک الگ پہچان رکھتا ہے ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے ڈاکٹر حسن بخاری نے نا صرف بخاری خاندان بلکہ فیصل آباد کا نام روشن کیا اور آج ان کا شمار پاکستان کے ان چند گنے چنے ڈاکٹروں میں ہوتا ہے جنہوں نے عالمی سطح پر اپنی شناخت بنائی۔ فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی میں اسسٹنٹ پروفیسر ریڈیالوجی کی حیثیت سے خدمات انجام دینے والے ڈاکٹر سید حسن بخاری کی کامیابی کا سفر طویل، محنت طلب، اور قربانیوں سے بھرپور رہا ہے۔ ان کی ابتدائی تعلیم پاکستان میں ہوئی جہاں انہوں نے ایم بی بی ایس مکمل کیا اور بعد ازاں کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان سے ایف سی پی ایس (ریڈیالوجی) کی ڈگری حاصل کی۔ مگر ان کا علمی و پیشہ ورانہ سفر یہاں ختم نہ ہوا۔ انہوں نے دنیا کے ممتاز ترین طبی اداروں سے مزید تعلیم و تربیت حاصل کر کے اپنے علم اور مہارت کو بین الاقوامی معیار تک پہنچایا۔ ان کی تعلیمی اسناد درج ذیل ہیں: ایم بی بی ایس پاکستان ایف سی پی ایس (ریڈیالوجی) ایف آر سی آر (برطانیہ) ایم ڈی/ایم ایم ای ڈی سنگاپور، ای ڈی آئی آر یورپ

ڈاکٹر سید حسن بخاری ان خوش نصیب معالجین میں سے ہیں جنہوں نے طب کو صرف پیشہ نہیں، بلکہ ایک مقدس فرض سمجھ کر اپنایا

ہی ایچ پی ای پاکستان، فیلوشپ (وی آئی آر) سنگاپور، کنسلٹنٹ ڈائیا گناسٹک اینڈ انٹروینشنل ریڈیالوجسٹ، اسسٹنٹ پروفیسر آف ریڈیالوجی ایف ایم یو الائیڈ ہسپتال ۱، الائیڈ ہسپتال ۱۱، گورنمنٹ جنرل ہسپتال غلام محمد آباد ڈاکٹر سید حسن بخاری نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ علم حاصل کرنے، اس میں مہارت پیدا کرنے، اور پھر اسے عملی میدان میں انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کیا۔ ڈاکٹر سید حسن بخاری نے اپنی مہارت کا خاص میدان انٹروینشنل ریڈیالوجی کو بنایا۔ یہ میڈیکل سائنس کی وہ جدید ترین شاخ ہے جس کے ذریعے مریضوں کا بغیر آپریشن، بغیر چیر پھاڑ، اور بغیر تکلیف کے علاج ممکن ہوتا ہے۔ وہ ان چند ماہرین میں شامل ہیں جو ریڈیالوجی کو تشخیصی حد سے نکال کر علاج کا فعال ذریعہ بنا چکے ہیں۔ ان کے زیر نگرانی انجام دیے جانے والے علاج میں شامل ہیں: جگر کے کینسر کا بغیر آپریشن کامیاب اور محفوظ علاج، پتے دانی کی رسولیاں (فائبرائڈز) کا جدید طریقہ علاج خواتین میں اتری ہوئی ناڑوں (uterine prolapse) کا بغیر سرجری علاج varicocele اور pelvic congestion جیسے مسائل کا کامیاب حل ہر قسم کی بایوپسی جگر، گردے، پھیپھڑے، لمف نوڈز وغیرہ کی جسم کے اندرونی و بیرونی اعضا کے ٹیومرز یا رسولیوں کا بغیر آپریشن علاج جدید ویسکولر طریقہ علاج شریانوں و رگوں کی بندش، خون کے لوتھڑوں، یا varicose veins کا علاج ڈاکٹر بخاری کے کلینک میں آنے والا ہر مریض نہ صرف ایک جدید طبی نظام کا حصہ بنتا ہے بلکہ ایک نرم خو، خوش اخلاق اور رحم دل معالج سے ملاقات کرتا ہے۔ وہ ہر مریض کے مسئلے کو اپنی ذاتی توجہ اور تفصیل سے سنتے ہیں، اور پھر بین الاقوامی معیار کے مطابق، جدید ترین آلات اور طریقوں سے علاج کرتے ہیں۔ ان کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ مریضوں کو طویل اور مہنگی سرجریوں سے بچاتے ہیں، اور مختصر وقت میں بغیر تکلیف علاج فراہم کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک سے بھی مریض ان سے رجوع کرتے ہیں۔ ڈاکٹر سید حسن بخاری کا خواب ہے کہ پاکستان میں بھی ایک ایسا معیار قائم کیا ہے جس میں علم، اخلاق، تحقیق، اور انسان دوستی سب ایک جگہ جمع ہوں۔ ان کی شخصیت، سادگی، عاجزی، اور مریض سے محبت کا انداز ان کی پہچان ہے۔ ڈاکٹر سید حسن بخاری نہ صرف ایک ماہر معالج ہیں بلکہ قوم کے لیے ایک اثاثہ بھی ہیں۔ ایسے لوگ کم پیدا ہوتے ہیں، اور جب پیدا ہوتے ہیں تو اپنے علم، عمل اور کردار سے دنیا کو بدل کر رکھ دیتے ہیں۔

ڈاکٹر سید حسن بخاری کا شمار پاکستان کے ان چند گنے چنے ڈاکٹروں میں ہوتا ہے جنہوں نے عالمی سطح پر اپنی شناخت بنائی

ان کی تعلیمی اسناد درج ذیل ہیں، ایم بی بی ایس پاکستان ایف سی پی ایس (ریڈیالوجی) ایف آر سی آر (برطانیہ)، ایف آر سی آر (لندن) ایم ڈی/ایم ایم ای ڈی سنگاپور، ای ڈی آئی آر یورپ، سی ایچ پی ای پاکستان، فیلوشپ (وی آئی آر) سنگاپور، کنسلٹنٹ ڈائیا گناسٹک اینڈ انٹروینشنل ریڈیالوجسٹ، اسسٹنٹ پروفیسر آف ریڈیالوجی ایف ایم یو الائیڈ ہسپتال ۱، الائیڈ ہسپتال ۱۱، گورنمنٹ جنرل ہسپتال غلام محمد آباد ڈاکٹر سید حسن بخاری نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ علم حاصل کرنے، اس میں مہارت پیدا کرنے، اور پھر اسے عملی میدان میں انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کیا

عالمی معیار کی صحت کی سہولیات عام لوگوں کی دسترس میں ہوں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ علم، تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کو اگر خلوص اور خدمت کے جذبے سے جوڑ دیا جائے تو کوئی بیماری لاعلاج نہیں رہتی۔ انہوں نے صرف اپنے شعبے میں کمال نہیں دکھایا، بلکہ آنے والی نسل کے ڈاکٹروں کے لیے صرف ایک ماہر معالج ہیں بلکہ قوم کے لیے ایک اثاثہ بھی ہیں۔ ایسے لوگ کم پیدا ہوتے ہیں، اور جب پیدا ہوتے ہیں تو اپنے علم، عمل اور کردار سے دنیا کو بدل کر رکھ دیتے ہیں۔

تحریر و ترتیب

ملک بشیر احمد

سٹی ڈپٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ ''قوت'' لاہور

وائس چیئرمین فیصل آباد پروفیشنل جرنلسٹس ایسوسی ایشن ..... وائس چیئرمین پروٹیکشن آف ہیومن رائٹس (رجسٹرڈ)

روزنامہ ”قوت“ لاہور (2) 21 اپریل 2025



نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



لاہور: پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور کے ملازمین مختلف شاہراؤں کی گرین بیلٹ پر درختوں کی شجر کاری اور پھولوں کے پلانٹرز لگانے کے ساتھ شاہراؤں پر لگے پودوں کو پانی لگا رہے ہیں

حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق پی ایچ اے شہر لاہور کو سرسبز اور شاداب بنانے کیلئے متحرک

رائے ونڈ روڈ، کیمپس روڈ، سٹاف کالونی روڈ، کوٹ لکھپت روڈ، ٹاؤن شپ کمرشل روڈ کی گرین بیلٹس اور سنٹر میڈین پر شجر کاری

چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو کا حکومت پنجاب کے ستھرا اور سرسبز پنجاب کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے عملی اقدامات جاری رکھنے کا عزم

پارکس میں شہریوں کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولیات اور ہارٹیکلچر ورکس میں بہتری کے لئے کام جاری ہے: غزالی سلیم بٹ

لاہور (خبر نگار) حکومت پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پی ایچ اے شہر لاہور کو سرسبز اور شاداب بنانے کیلئے متحرک ہو کر کام کر رہا ہے۔ شاہراہوں کی گرین بیلٹس پر سایہ دار مقامی درختوں کی شجر کاری کی جا رہی ہے جبکہ اہم شاہراؤں کی خوبصورتی کو مزید بڑھانے کیلئے گول چکر اور سینٹر میڈین پر موسمی پھولوں کے دیدہ زیب پلانٹرز بھی لگائے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے حکومت پنجاب کے ستھرا اور سرسبز پنجاب کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کوٹ لکھپت انٹیگریٹڈ روڈ، ٹاؤن شپ کمرشل روڈ، سول لائن روڈ سمیت دیگر شاہراؤں پر شجر کاری کیلئے خود بھی کام کا عہد کیا ہے۔ شاہراؤں کی گرین بیلٹس پر سایہ دار مقامی درختوں کی شجر کاری کی جا رہی ہے جبکہ اہم شاہراؤں کی خوبصورتی کو مزید بڑھانے کیلئے گول چکر اور سینٹر میڈین پر موسمی پھولوں کے دیدہ زیب پلانٹرز بھی لگائے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے حکومت پنجاب کے ستھرا اور سرسبز پنجاب کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے عملی اقدامات جاری رکھنے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولیات اور پارکس میں شہریوں کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولیات اور ہارٹیکلچر ورکس میں بہتری کے لئے کام جاری ہے۔ شہر لاہور کی تمام شاہراہوں اور گرین بیلٹس کو موسمی پھولوں اور پلانٹرز سے بھرنے کیلئے پی ایچ اے دن رات کوشاں ہے اور انشاء اللہ شہر لاہور حقیقی معنوں میں پھولوں اور باغوں کا شہر بنا کر ہی دم لے گا۔

چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر کی جانب سے تمام مسیحی برادری کو ایسٹر کی مبارکباد

ایسٹر کا تہوار ہمیں بے لوث محبت اور اور خدمت کا درس دیتا ہے: مجید رمضان بٹ

لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو انجینئر مجید رمضان بٹ نے ایسٹر کے موقع پر تمام مسیحی برادری خاص طور پر لیسکو کے مسیحی ملازمین و مبارکباد پیش کی ہے، انہوں نے کہا کہ ایسٹر عوامی اور فلاحی حکومت جو درست سمت میں عوام کو ریلیف کر رہی ہے مزید محروم کمی ایشن میں پیپلز پارٹی کی سماجی پالیسوں کے تحریک انصاف ،، کرن لیگ اور سے یوآئی کے مشترکہ امیدوار کو شکست دیکر بتا دیا ہے کہ سندھ کی بھی بھوکو کے تھا اور سندھ آج بھی بھوکو ہے پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت عوام کو ذلیل کرنے میں عالمی ریکارڈ قائم کر چکی ہے۔ انہوں نے عید کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کیلئے لیسکو کے ملازمین کو تنخواہوں کے علاوہ بونس دینے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کا تہوار ہمیں بے لوث محبت اور خدمت کا درس دیتا ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ پیغمبروں میں سے ایک ہیں ان کی زندگی ہمیں انسانیت، انصاف سچائی اور ہمدردی کا درس دیتی ہے۔

پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت واحد عوامی اور فلاحی حکومت جو درست سمت میں عوام کو ریلیف فراہم کر رہی ہے

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما عابد شاہ حسین صدیقی نے کہا ہے کہ وقت اور حالات نے ثابت کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت واحد عوامی اور فلاحی حکومت جو درست سمت میں عوام کو ریلیف کر رہی ہے مگر افسوس کہ سندھ کی گاڈی کے بریکر کے اور پر سمت موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں تنقید کی جاتی ہے حالانکہ سندھ حکومت کی کارکردگی کو ہر شعبہ زندگی میں عالمی سطح پر سراہا جاتا ہے اور ان کی کارکردگی کو دنیا بھر میں پذیرائی ملتی ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت عوام کو ریلیف کرنے میں عالمی سطح پر پہلی پوزیشن پر آچکی ہے۔

اقبال ٹاؤن کے علاقے سے 2 ڈیلیوری بوائز سمیت 2 رکنی نوٹر چور پیشہ و موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) اقبال ٹاؤن کے علاقے سے 2 ڈیلیوری بوائز سمیت 2 رکنی نوٹر چور پیشہ و موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کر لیا، تر جمان ڈی ٹکن کے مطابق اقبال ٹاؤن کے علاقے میں موجود ان پٹرولنگ ڈیوٹی ٹیم نے 2 ملزمان کو روک کر چیکنگ کی تو ان کے قبضہ سے 2 موٹر سائیکل سواروں کو لوٹنے کا انکشاف ہوا، ملزمان نے اپنے نام فرحان اور وقاص بتائے، ملزمان کے قبضہ سے 2 موبائل فون، 2 لاکھ 30 ہزار سے زائد رقم اور 2 موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے انچارج مقدمہ نے بتایا کہ ملزمان نے اپنے ساتھیوں سمیت 3 موٹر سائیکل چوری کرنے کا اعتراف کیا ہے، ملزمان کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپہ مار کارروائی کی جا رہی ہے۔

لاہور: 2 نامعلوم افراد نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گئے

دونوں لاشیں ایدھی سرد خانوں کی مدد سے مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں دو نامعلوم افراد نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گئے پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی، اہم سی ترجمان کے مطابق شاہدرہ کے علاقے بیگم کوٹ میں نجی سٹور کے داس روم سے 30 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا، ملزمان نے 3 دن قبل جس کی شناخت نہ ہو سکی بظاہر دونوں نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں متعلقہ تھانوں کی پولیس نے دونوں لاشیں ایدھی سرد خانوں کی مدد سے مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی

شاہدرہ میں دو پرندشی پرد گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 1 شخص جاں بحق 3 زخمی ہو گئے

شاہدرہ میں دو پرندشی پرد گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 1 شخص جاں بحق 3 زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے دو نامزد ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کر لیا، جبکہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق شاہدرہ کے علاقے میں دو پرندشی گروپ کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں محمد گروپ اور دیشان گروپ میں فائرنگ کے تبادلہ ہوا جس کی زد میں آ کر ایک شخص جاں بحق 3 زخمی ہو گئے جاں بحق شخص کی شناخت منیر کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں ذیشان، وقاص اور عظیم شامل ہیں۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے دو نامزد ملزمان عمر اور طیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کر لیا، زخمیوں کو علاج کے لیے ہسپتال داخل کروا دیا گیا ہے ایس ایچ او ایدھی ایمبولینس کے ذریعے پوسٹ مارٹم کے لیے مقتول کو مردہ خانے منتقل کر دیا ہے ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے



پاکستان کیڈی فیڈریشن کے صدر وصوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاع حسین کھلاڑیوں کو ٹرافی دے رہے ہیں

ان لیگ کی طرف سے ڈھنگ پٹاؤ پالیسی پر کام کیا جا رہا ہے جو جمہوریت کے لیے نیک شگون نہیں ہے: میاں محمد ایوب

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی سینئر نائب صدر اور سابق مشیر وزیر اعظم میاں محمد ایوب نے کہا ہے کہ دوسرا بجٹ آنے کو ہے اور ان لیگ نے پنجاب میں پیپلز پارٹی کے ساتھ کے گیے پاور شیرنگ فارمولے پر عمل نہیں کیا ہے اور ابھی بھی ان لیگ والے پیپلز پارٹی کے ساتھ کیئے گیئے فارمولے پر عمل نہیں کر رہے ہیں جو کسی بھی طرح سے اچھی بات نہیں ہے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اب تک اس پاور شیرنگ فارمولے کا مانیٹرنگ کمیشن بنا دیا جاتا اور اس کمیشن کی رپورٹ کی روشنی میں پیپلز پارٹی کے ساتھ کیئے گیئے فارمولے کے تحت پاور شیرنگ کی جاتی لیکن ایسا نہیں کیا گیا ہے جو کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ زیادتی ہے اور ان لیگ کی طرف سے ڈھنگ پٹاؤ پالیسی پر کام کیا جا رہا ہے جو جمہوریت کے لیے نیک شگون نہیں ہے۔

منہالہ بازار میں تاجر قتل کا معمہ حل، ایس ایچ او پڈیارہ اسد بشیر گجر نے مرکزی ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (رمیض علی سے) ایس پی بلال احمد اور ایس ڈی پی او ہربنس پورہ عمر فاروق کی زیر نگرانی ایس ایچ او پڈیارہ اسد بشیر گجر اور انویسٹی گیشن پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے اندھے قتل کے کیس کو حیرت انگیز طور پر حل کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، ایس پی انویسٹی گیشن (ر) طاہر علی رضا اور ایس ڈی پی او ہربنس پورہ عمر فاروق کی زیر نگرانی کے محکمہ انویسٹی گیشن کے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 21 اپریل 2025ء

ملازمین کا معاشی قتل اور نوکریوں سے فارغ کرنا بند کیا جائے، چیئرمین ایپکا

اگیگا کی ہمارے ساتھ علیحدگی ہونے کے باوجود بھی ایپکا ملازمین کا ایک مضبوط پلیٹ فارم ہے، رانا ارشاد ڈویژنل صدر ایپکا، مقصود احمد جنرل سیکریٹری ایپکا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) چیئرمین وصوبائی صدر ایپکا پنجاب ظفر علی خان اور ضیاء اللہ خان نیازی نے کہاں کہ پنجاب حکومت ملازمین کا معاشی قتل اور نوکریوں سے فارغ کرنا بند کریں، اگیگا کی ہمارے ساتھ علیحدگی ہونے کے باوجود بھی ایپکا ملازمین کا ایک مضبوط پلیٹ فارم ہے، رانا ارشاد ڈویژنل صدر ایپکا، مقصود احمد جنرل سیکریٹری ایپکا کو جزوالہ تفصیلات کے مطابق ایپکا کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اہم فیصلے کیا گئے جس میں صوبائی قیادت نے شرکت کی جس میں ڈسٹرکٹ اور ضلع بھر کے تمام صدور اور جنرل سیکریٹریز صاحبان وعہدے داران نے شرکت کی، ڈویژنل صدر ایپکا رانا ارشاد، ڈویژنل سیکرٹری مقصود احمد، طاہر محمود، تھی محمد اقبال گوندل شاہد چیمہ سمیت دیگرز نے نئے آنے والی صوبائی قیادت چیئرمین ایپکا پنجاب ظفر علی خان اور صوبائی صدر ایپکا پنجاب ضیاء اللہ خان نیازی کا گوجرانوالہ آنے پر ان کا بھرپور استقبال کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئی، گوجرانوالہ آمد کے موقع پر صوبائی چیئرمین ایپکا ظفر علی خان شریکاء سے خطاب کیا جن میں ان کا کہنا تھا تھا اگیگا کی ہمارے ساتھ علیحدگی ہونے کے باوجود بھی ایپکا اور ہم آج بھی ایک مضبوط اتحاد ہے، پنجاب حکومت جو کہ ملازمین کا معاشی قتل کر رہی ہیں اور ملازمین کو محکموں سے جبری فارغ کر رہی ہے ایسے بھی ہم نے ہی روکنا ہے، چیئرمین پنجاب کالیہ بھی کہنا تھا کہ ہمارا پنجاب حکومت سے مطالبہ ہے کہ ملازمین کا معاشی قتل بند کرے اور جس طرح ایم این اے اور ایم پی اے کی تنخواہوں میں 185 فیصد اضافہ کیا گیا ہے اسی چیز کو دیکھتے ہوئے ہمارے تمام ملازمین کی تنخواہوں کو مہنگائی کے تناسب بڑھائی جائے صدر ایپکا پنجاب ضیاء اللہ خان نیازی کا شرکاء سے خطاب میں کہنا تھا کہ آج کے اجلاس کا مقصد یہ تھا کہ ایپکا کی تنظیم سازی کرنی تھی، جو ملازمین کے خلاف حکومتی پالیسی آرہی ہیں انہے آگاہی دینی تھی اور آج کا ہمارا پروگرام اس ایپکا کے ساتھ جو ملازم ہے وہ متحد ہے اور ایپکا کے اوپر بھروسہ رکھتے ہیں اور ہم اپنے مطالبات وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان صاحب تک پہنچاتے ہیں کہ 17A اور لیوا کلیئرنس اور دو دو ممبر کا جو نوس اس کو فل فور بحال کیا جائے۔

ایسٹر کے موقع پر گرجا گھروں اور مسیحی عبادت گاہوں پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کئے ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ایسٹر کے موقع پر گرجا گھروں اور مسیحی عبادت گاہوں پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کئے ہیں ضلع بھر میں 382 پروگرام کے موقع پر 1114 پولیس افسران وملازمان ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔ ڈوفن فورس اور ایلیٹ کمانڈوز کی ٹیمیں بھی گشت کر رہی ہیں، پولیس کے تسلح دستے پولیس لائنز میں الرٹ پوزیشن میں موجود ہیں۔ چیکنگ کے لئے میٹل ڈیٹیکٹر، اہم مقامات پر واک تھرو گیٹس اور سی سی ٹی وی کیمرہ جات بھی نصب کئے گئے ہیں شرپسندانہ کارروائی کے انسداد کے لیے ضلعی پولیس ممکن تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

ننکانہ صاحب میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا

انسداد پولیو مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا، انسداد پولیو مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر کیا، ضلع بھر میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہو گی اور 25 اپریل تک جاری رہے گی۔ ضلع میں 02 لاکھ 98 ہزار 8 سو سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ 1198 پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب ایم ایس ڈاکٹر تسنیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ والدین محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، محکمہ صحت کی طرف سے انسداد پولیو مہم کیلئے مائیکرو پلان کے مطابق انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں سو فیصد بچوں کو ظروف پلانے کا ٹارگٹ ہر صورت پورا کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی لڑی مانیٹرنگ کی جائے گی، انسداد پولیو ٹیمیں گھروں، بس اسٹینڈز، بھٹیوں، داخلی وخارجی راستوں اور دیگر عوامی مقامات پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیو سے فری پاکستان ہمارا عزم ہے، میڈیا بھائی وسائل سے عوام میں بھرپور آگاہی پیدا کر کے مشن کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ہے۔

جہلم پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ کو ڈسٹرکٹ جیل جہلم منتقل کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ کو ڈسٹرکٹ جیل جہلم منتقل کر دیا گیا۔ زرائع کے مطابق پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر ڈسٹرکٹ جیل جہلم منتقل کر دیا گیا ہے۔ جیل زرائع کے مطابق عالیہ حمزہ کو ہفتے کو اسلام آباد کی مقامی عدالت میں پیش کیا گیا تھا جہاں سے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر پہلے اڈیالہ جیل شفٹ کیا گیا مگر بعد میں انہیں ڈسٹرکٹ جہلم جیل منتقل کر دیا گیا۔

چوہدری شہباز چھینہ کی قیادت میں پولیو آگاہی مہم کے حوالے سے ریلی نکالی گئی

ریلی میں اے ڈی سی آر عثمان جلیس، سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر صدیق بلوچ و دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی

سخی پورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور نواز لیک کے سینئر رہنما و امیدوار پی پی 143 چوہدری شہباز چھینہ کی قیادت میں پولیو آگاہی مہم کے حوالے سے ریلی نکالی گئی جس میں اے ڈی سی آر عثمان جلیس، سی ای او ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر صدیق بلوچ، ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاد اختر چوہان، ایڈیشنل ایم ایس ڈاکٹر اسامہ خان و دیگر افسران اور ملازمین اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی، ریلی کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے چوہدری شہباز چھینہ کے ہمراہ پولیو مہم کا افتتاح کیا اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کو ڈینگی وباء اور پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں پورا کر رہے ہیں، 5 روزہ پولیو مہم کے دوران ڈیوٹی پر مامور 9929 موبائل ٹیمیں گھر گھر اور تعلیمی درسگاہوں پر 115 فکسڈ ٹیمیں دیہی و بنیادی مراکز صحت، ریلوے اسٹیشن، لاری اڈوں، 55 ٹرانزٹ ٹیمیں اہم چوکوں، چوراہوں، بس اسٹاپس اور بازاروں جبکہ مجموعی طور پر 3 ہزار 99 ٹیمیں بچوں کو قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گی، پولیو مہم کے دوران 5 سال تک کے 7 لاکھ 58 ہزار 490 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں جائیں گے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے گزشتہ روز شیخوپورہ سے تبدیل ہونے والے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے الوداعی ملاقات

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے گزشتہ روز شیخوپورہ سے تبدیل ہونے والے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے الوداعی ملاقات کی اس موقع انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز، نائب انچارج سب انسپکٹر میاں ناصر اقبال و دیگر افسران موجود تھے، ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے سابق ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کی پیشہ وارانہ خدمات کو سراہا اور انکی کاوشوں سے ضلع میں ٹریفک کی روانی موثر ہونے اور ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کے لائسنوں کے اجراء کے حوالے سے پنجاب بھر میں سبقت حاصل کرنے پر انکی تعریف کی جس پر شکریہ ادا کرتے ہوئے سابق ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پیشہ وارانہ امور کی بااحسن انجام دہی کا کریڈٹ تمام ماتحت افسران وملازمین کو جاتا ہے۔

انجمن صرافہ ایسوسی ایشن شرقپور شریف کی جانب سے ایتک نیوز کی بارھویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا

تقریب صرافہ ایسوسی ایشن شرقپور کے مرکزی آفس میں منعقد ہوئی



شرقپور شریف (نامہ نگار) انجمن صرافہ ایسوسی ایشن شرقپور شریف کی جانب سے ایتک نیوز کی بارھویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔ یہ تقریب صرافہ ایسوسی ایشن شرقپور کے مرکزی آفس میں منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت، صدر انجمن صرافہ ایسوسی ایشن شرقپور حاجی مجاھد اقبال نے کی اس موقع پر چیئرمین حاجی عابد حسین، دلدار مجید، نائب صدر حاجی ساجد حسین، حاجی ثاقب حسین، فنانس سیکرٹری حاجی خالد حسین، آفس سیکرٹری اسد محمود، سیکرٹری نشر واشاعت فیضان زرگر و دیگر موجود تھے جنہوں نے ایتک نیوز کی بارھویں سالگرہ کے موقع پر کیک کاٹا اور ایتک نیوز کی پوری ٹیم کو مثبت صحافتی سرگرمیاں سر انجام دینے پر مبارکباد پیش کی اور شرقپور شریف میں ایتک کے نمائندے عامر مجید نوشاہی کی علاقہ بھر میں مثبت صحافتی خدمات کو سراہا۔

قانون کی بالادستی کیساتھ کھڑے ہیں۔ سابق صدر بار شاہد میر ایڈووکیٹ

رول آف لاء و آئین کی حفاظت کیلئے متحد ہیں۔ ملک شہباز اعوان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ شاہد میر ایڈووکیٹ نے ایس ایند اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان اور صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ اور سیکرٹری جنرل سیالکوٹ بار کے ہمراہ ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر عہد کیا قانون کی بالادستی قائم کرنے اور ملک میں آئین کی حکمرانی کیلئے ہم نے ہمیشہ جدوجہد کی اور کرتے رہیں گے۔ علامتی طور پر ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ہم یہ پیغام دے رہے ہیں کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے معزز وکلاء ایک تھے ایک ہیں اور انشاء اللہ قانون کی حکمرانی اور آئین کی پاسداری کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کریں گے۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ عرفان اللہ وڑائچ نے کہا کہ بلاشبہ ملک شہباز احمد اعوان وہ عظیم رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ وکلاء اتحاد کیلئے عملی کاوشیں کیں جس کی بدولت آج وکلاء ایک پلیٹ فارم پر ہیں۔ شاہد میر ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کی ایک گرجدار و جاندار شخصیت اور ہمارا فخر ہیں۔

5 روزہ پولیو مہم شروع ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلائے

21 اپریل سے 25 اپریل تک جاری رہنے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کو ہر لحاظ سے کامیاب بنایا جائیگا: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں بھی آج سے پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم شروع ہو گئی۔ مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 2 لاکھ 38 ہزار 551 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے جھگیوں میں رہنے والے بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد بھی انکے ساتھ تھے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی جانب آج 21 اپریل سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہو گئی۔ اس قومی مہم کے دوران 5 سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 38 ہزار 551 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے۔ جس کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے 998 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو سکولوں، بس اڈوں، ریلوے اسٹیشن، مدارس، عوامی مقامات اور گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے جیسی خطرناک بیماری سے بچاؤ کے لیے قطرے پلائینگی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ 21 اپریل سے 25 اپریل تک جاری رہنے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کو ہر لحاظ سے کامیاب بنایا جائیگا۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی پوری کوشش ہوگی کہ ضلع بھر میں پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ بھی پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پینے سے رہ نہ جائے۔ اس لیے بچوں کو قطرے پلانے والی ٹیموں کی بھی خصوصی مانیٹرنگ کی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر نے مقامی علمائے کرام، اساتذہ، میڈیا کے نمائندوں، تاجروں، سماجی تنظیموں کے نمائندوں اور بالخصوص والدین سے اپیل کی ہے کہ اپنے بچوں کے بہتر اور صحت مند مستقبل کے لیے انہیں پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے ضرور پلائیں تا کہ ہمارے بچے اس فوری مرض سے محفوظ اور پاکستان پولیو فری ملک بن سکے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کا تفصیلی دورہ

اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین ملک، ایم ایس ڈاکٹر تسنیم اختر بھی انکے ہمراہ تھے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور کی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کی ایمرجنسی، فارمیسی، مختلف وارڈز لیبارٹی سمیت دیگر شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کیسے فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین ملک، ایم ایس ڈاکٹر تسنیم اختر بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر معیاری علاج معالجہ کی سہولیات کو یقینی بنایا جائے گا۔ ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کے حوالے سے ڈسپلے بورڈز لگائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں کے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں اور انکے لواحقین سے طبی سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے تفصیلی دورہ کے دوران وارڈز میں مریضوں کے بستر، چادریں، پینے کے صاف پانی کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔

ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ محمد نعیم چوہدری انتقال کر گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ محمد نعیم چوہدری انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ مرکزی قبرستان کی جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، کاروباری، مذہبی، وکلاء اور صحافتی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجمن تاجران محمد نعیم چوہدری انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ مرکزی قبرستان گھوڑے شاہ جنازگاہ میں ادا کی گئی۔

جہلم ضلع بھر میں آج سے پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز

پولیو مہم 21 تا 25 اپریل تک تواتر کے ساتھ جاری رہے گی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں آج سے پانچ روزہ پولیو مہم کا آغاز پولیو مہم 21 تا 25 اپریل تک تواتر کے ساتھ جاری رہے گی۔ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے 2 لاکھ 80 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی۔ اس حوالے سے خصوصی تقریب خانہ بدوشوں کے علاقے میں منعقد کی گئی۔ جہاں صوبائی مشیر صحت جنرل (ر) ظہور محمود کیانی نے خانہ بدوشوں کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کیا۔ جس میں آپ اپنے نام، ذات، کمپنی یا ادارے کے نام پر گاڑی کا نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول نے کہا کہ اس سکیم کے تحت جاری ہونے والا نمبر شخصی ملکیت ہو گی، آپ اپنی گاڑی فروخت بھی کر دیں تو نئی گاڑی پر اپنا وہی نمبر لگا سکتے ہیں۔ اپنی گاڑی، اپنی پہچان کے تحت یہ نمبر زگوائڈ، پلاٹینم اور کارپوریٹ کیٹیگریز میں سمارٹ کارڈ کیساتھ حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا عملہ ہمہ وقت اس سلسلے میں تعاون کے لیے موجود رہے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب عمر شیر چٹھہ کی قیادت اور رہنمائی کے مطابق سیالکوٹ کے شہریوں کی رہنمائی اور مسائل کے حل کے لیے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سیالکوٹ کا عملہ سرگرم عمل ہے۔

پاک گیریژن کالج کے زیر اہتمام عازمین حج کا تربیتی کیمپ

آج پتہ چلا ہے کہ حج کیا ہے کیسے کرنا ہے اور خشوع خضوع کیسے آئے گا، سیکھنے والے حاجی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پاک گیریژن کالج کے زیر اہتمام عازمین حج کی تربیتی کیمپ کا اہتمام۔ تفصیلات کے مطابق حجاج کرام کی تربیت کے لیے پاک گیریژن کالج ننکانہ میں ایک کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، شعبہ حفظ القرآن کے طالب علم نے حضور ﷺ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کیے، تربیتی کیمپ میں 80 حجاج کرام علماء کرام، رانا رفاقت علی انجم جنرل سیکرٹری پرنٹ میڈیا ایمرا، کے علاوہ معززین شہر نے شرکت کی، جید علماء کرام اور الحاج پڑینر پروفیسر علامہ محمد اسد مدنی، حاجی شعیب چوپڑا، حاجی شیخ مشتاق احمد محمد سلیمین پرنسپل ادارہ، حاجی عدیل احمد، حاجی شاہد نے پروجیکٹر + کعبہ کا ماڈل اور کملی طور پر عمرہ کا طریقہ، حج کا طریقہ اور مسائل پر تفصیلی طور پر روشنی ڈالی، انتہائی آسان عملی طور پر طریقہ سیکھنے پر حاجیوں نے خوشی کا اظہار کیا کہ ہمیں آج پتہ چلا ہے کہ حج کیا ہے کیسے کرنا ہے اور خشوع خضوع کیسے آئے گا۔ آخر میں الحاج کے لیے کھانے کا اہتمام کیا گیا۔

ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر آفس میں ایسٹر کے موقع پر کاٹا گیا۔ سیالکوٹ پولیس

ڈی ایس پی ملک خلیل نے مسیحی برادری میں تحائف تقسیم کئے: بچوں کو عیدی کیساتھ لفٹس بھی دیئے گئے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایسٹر کے تہوار پر جہاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کھجانب سے ضلع سیالکوٹ میں فول پروف سیکیورٹی انتظامات کئے وہیں مسیحی عبادت گاہوں پر بھاری نفری تعینات کی گئی۔ ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کی خوشیوں میں بھرپور شرکت کرتے ہوئے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ملک محمد خلیل کے آفس میں سادہ پروقار تقریب کے دوران صبح برادری کیساتھ ایسٹر کا کیک کاٹا گیا اور بچوں کو عیدی کیساتھ لفٹس بھی دیئے گئے۔ پبلک ریلیشنز آفیسر سیالکوٹ پولیس کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ایسٹر کے حوالہ سے جاری مراسلے کے عین مطابق ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں مسیحی تہوار ایسٹر کے موقع پر سیالکوٹ پولیس نے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے۔ مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی۔ پبلک ریلیشنز آفیسر سیالکوٹ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی زیر قیادت سیالکوٹ پولیس مسیحی برادری کی خوشیوں کو محفوظ بنانے کیلئے بھرپور عزم کے ساتھ کوشاں ہے۔

ایسٹر کے موقع پر ضلع پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی: ڈی او ساہیوال

ایسٹر ڈے کی تقریبات پر 450 سے زائد افسران اور اہلکاران ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں



ساہیوال (مہر اسے ڈی سیم پراسے) ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کے احکامات پر ساہیوال پولیس کی جانب سے ایسٹر ڈے کی تقریبات کے موقع پر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔ ایسٹر ڈے کی تقریبات پر 450 سے زائد افسران اور اہلکاران ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں۔ عبادت گاہوں کے باہر سیکیورٹی کے انتظامات کی نگرانی تمام SDPOs اور ایس ایچ اوز خود کر رہے ہیں۔ ایسٹر ڈے کی عبادات کے دوران چرچوں کے گرد و نواح میں موثر گشت جاری رکھتے ہوئے مشکوک افراد کی نقل حرکت پر بھی نظر رکھی جا رہی ہے۔ تمام چرچز پر ایلیٹ فورس کے سخت حفاظتی دستے بھی سیکیورٹی پر مامور کیے گئے ہیں۔ مسیحی برادری کا تحفظ اور رسومات کا پر امن انعقاد ہماری ذمہ داری ہے۔

معاشرتی اصلاح قرآن وسنت پر عمل سے ممکن مکمل معاشرتی نظام ابدی ضابطہ حیات ہے: علماء کرام

دنیا و آخرت میں کامیابی کے لئے اصحاب رسول کی اتباع کی جائے ہمارا دنیا میں آنے کا مقصد آخرت کی تیاری کرنا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معاشرتی اصلاح قرآن وسنت پر عمل سے ممکن مکمل معاشرتی نظام ابدی ضابطہ حیات ہے خدام فکر اسلاف چنیوٹ کے زیر اہتمام دروس قرآن وحدیث کا سلسلہ جاری جامع مسجد ربانی محلہ شاہ برہان میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے علما نے کہا کہ دونوں جہانوں کی کامیابی احکام خداوندی کی پیروی اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صحابہ کرام کا نقش قدم اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بنیادی جز کامیابی کی کنجی ہے دنیا و آخرت میں کامیابی کے لئے اصحاب رسول کی اتباع کی جائے ہمارا دنیا میں آنے کا مقصد آخرت کی تیاری کرنا ہے اس موقع پر شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین خدام فکر اسلاف مولانا قاری محمد یامین گوہر چنیوٹی مولانا محمد مغیرہ مولانا ملک خلیل احمد اشرفی مولانا محمد اطہر طاہر مولانا عامر مختار نے کہا کہ دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہماری نسبت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے ہمارے ابتر حالات دین سے دوری مکافات عمل اللہ کی ناراضگی کا سبب ہمیں چاہئے کہ ہم اللہ کا ذکر اور درود شریف کا کثرت سے اہتمام کریں اور اللہ کے حکموں پر قرآن وسنت کے مطابق عمل کریں احکام خدا وندی کی پیروی اللہ کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے احکام خداوندی کی پیروی اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے آخرت میں کامیابی کے لئے اپنی زندگی قرآن وسنت کے مطابق گزاریں اسی میں ہماری فلاح ونجات ہے آخر میں ملکی سالمیت ترقی استحکام پاکستان خصوصی دعائی گئی۔

کمشنر گوجرانوالہ کا ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

کمشنر نے مریض سے پیسے لینے پر ہسپتال اہلکار معطل کر دیا: واش رومز اور فارمیسی میں صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سید حسن رضا نے علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ کا اچانک دورہ کیا۔ کمشنر نے دورے کے دوران ایک ہسپتال ملازم کی جانب سے مریض سے رقم لینے کی شکایت پر فوری معطلی کے احکامات جاری کر دیئے۔ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بشمول ایمرجنسی، سی او ٹی، لیبارٹری، میڈیکل وارڈز، ڈائیلسز یونٹ، فارمیسی اور بچوں کے نگہداشت کے یونٹ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران کمشنر نے ہسپتال کے واش رومز اور فارمیسی میں صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق ہسپتال میں مریضوں کو معیاری طبی سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے کہا کہ فرائض میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ افسران وملازمین کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دینی ہوں گی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر ہسپتالوں کی باقاعدگی سے انسپکشن کریں تا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں بہتری لائی جا سکے۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف پر زور دیا کہ وہ دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ نوید حیدر شیرازی نے مریضوں کی عیادت کی، ان کی شکایات سنی اور ان کے ازالے کے لیے فوری اقدامات کے احکامات صادر کیے۔

حکومت پنجاب کی طرف سے پرسنلائزڈ ڈویٹینٹی پلیٹس کا آغاز ہو چکا: سید تجمل حسین

جاوید خان نے پہلی Jay 505 پلیٹ ای ٹی او سیالکوٹ سے وصول کی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جاوید خان آف جے وڑائنے لاکھوں روپے مالیت خرچ کر اپنے نام کا لکی نمبر JAY 505 لیا۔ نمبر پلیٹ دینے کی سادہ مگر پروقار تقریب ایکسائز آفس سیالکوٹ میں ہوئی۔ ایکسائز نارکوٹکس اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سیالکوٹ سید تجمل حسین نقوی نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے پرسنلائزڈ ویٹینٹی پلیٹس کا آغاز ہوا چکا ہے جس میں آپ اپنے نام، ذات، کمپنی یا ادارے کے نام پر گاڑی کا نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول نے کہا کہ اس سکیم کے تحت جاری ہونے والا نمبر شخصی ملکیت ہو گی، آپ اپنی گاڑی فروخت بھی کر دیں تو نئی گاڑی پر اپنا وہی نمبر لگا سکتے ہیں۔ اپنی گاڑی، اپنی پہچان کے تحت یہ نمبر زگوائڈ، پلاٹینم اور کارپوریٹ کیٹیگریز میں سمارٹ کارڈ کیساتھ حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا عملہ ہمہ وقت اس سلسلے میں تعاون کے لیے موجود رہے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب عمر شیر چٹھہ کی قیادت اور رہنمائی کے مطابق سیالکوٹ کے شہریوں کی رہنمائی اور مسائل کے حل کے لیے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سیالکوٹ کا عملہ سرگرم عمل ہے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے گزشتہ روز شیخوپورہ سے تبدیل ہونے والے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے الوداعی ملاقات

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے گزشتہ روز شیخوپورہ سے تبدیل ہونے والے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے الوداعی ملاقات کی اس موقع انچارج ڈر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

خادم اعلیٰ سے چیف ایگزیکٹو افسر تک

سینیٹ کی سب کمیٹی نے اقلیتوں کو آئین میں دیے گئے حقوق کی نگرانی اور ان کا تحفظ یقینی بنانے کے عمل کی نگرانی کے لیے کمیشن قائم کرنے کی تجویز پر مشتمل ایک بل کی منظوری دی ہے۔ سب کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر علی ظفر نے اس وقوعہ کو ملک میں اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کے حوالے سے ایک تاریخی دن قرار دیا۔ تاہم کراچی میں 'بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس' سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز عالم دین مفتی منیب الرحمان نے مطالبہ کیا ہے کہ لفظ 'اقلیت' کو آئین سے نکال دیا جائے۔ مفتی منیب الرحمان جنہیں ان کے ہم عقیدہ مفتی اعظم کا لقب بھی دیتے ہیں سال ہا سال تک رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ کراچی میں تقریر کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ملک میں کوئی اقلیت نہیں رہتی۔ یہاں یا تو مسلمان رہتے ہیں یا غیر مسلم آباد ہیں۔ مفتی منیب الرحمان نے کہا کہ لفظ اقلیت سے محرومی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے آئین میں مسلم پاکستانی اور غیر مسلم پاکستانی ہونا چاہیے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس ترمیم سے ملک کے ہر شہری میں اونرشپ کا احساس پیدا ہوگا۔ مفتی صاحب نے کسی دستاویزی ثبوت کے بغیر یہ دعویٰ بھی کیا کہ 'پاکستان میں غیر مسلموں کو جتنے حقوق حاصل ہیں دنیا میں کہیں نہیں ہیں'۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت میں 20 کروڑ مسلمان ہیں لیکن ایک بھی مخصوص نشست نہیں ہے۔ امریکہ میں 40 لاکھ مسلمان ہیں لیکن کوئی مخصوص نشست نہیں۔ برطانیہ اور یورپ میں کہیں مسلمانوں کے لیے مخصوص نشست نہیں۔ یوں پاکستان کے ایک ممتاز عالم دین نے پاکستانی اسمبلیوں میں اقلیتوں کی مخصوص نشستوں کو 'خاص عنایت' قرار دیتے ہوئے یہ دعویٰ کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس کے بعد سب اقلیتیں یا ان کے الفاظ میں 'تمام غیر مسلم' محفوظ ہو چکے ہیں اور انہیں مزید کسی قسم کی حفاظت حتیٰ کہ 'اقلیت' کہلانے کی بھی ضرورت نہیں ہے، اس لیے آئین سے یہ لفظ ہی نکال دیا جائے۔ حیرت ہے کہ مفتی منیب الرحمان نے یہ بات 'بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس' سے خطاب کرتے ہوئے کہی ہے۔ ملکی علما کی مذاہب کے درمیان ہم آہنگی و احترام کی تفہیم صرف بے بنیاد دعوؤں پر ہے؟ ان تک ہی محدود ہونے کی وجہ سے ہی اس وقت پاکستان میں اقلیتی عقائد سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور انہیں اپنے شعائر پر عمل کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ حقیقت بھی تسلیم کرنی چاہیے کہ یہ صورت حال ملک میں مذہبی گروہوں کی بڑھتی ہوئی طاقت اور ان کی طرف سے نفرت عام کرنے کے رویے کو ریاستی سطح پر قبول کرنے کے طرز عمل کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ مفتی منیب الرحمان کا بیان ہو یا کسی دوسرے مولوی کی طرف سے کسی دوسری طریقے سے مذہبی ہم آہنگی کو فساد میں تبدیل کرنے کی کوئی اور کوشش، عام طور سے دیکھا جا سکتا ہے

کہ حکومت یا قانون نافذ کرنے والے ادارے اسے نظر انداز کرنے میں ہی عافیت سمجھتے ہیں۔ اور دین کے نام پر سیاست کرنے والے کسی ملا سے کبھی نفرت عام کرنے، جھوٹ پھیلانے اور اقلیتوں کو غیر محفوظ کرنے کے گھناؤنے جرم پر باز پرس کا حوصلہ نہیں ہوتا۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں اوورسیز پاکستانیوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے، جنہیں ملک میں 'مرد آہن' یا فیصلہ کن طاقت کی علامت کے طور پر دیکھا جاتا ہے، کہا تھا کہ 'جس ملک کے تمام ادارے آئین اور قانون کے مطابق کام کریں، ایسی ریاست کو ہارڈ سٹیٹ کہا جاتا ہے'۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں پارلیمنٹ کی سیکورٹی کمیٹی کے خفیہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے ملک کو سافٹ کی بجائے ہارڈ سٹیٹ بنانے کی ضرورت پر زور دیا تھا اور ملک میں گورننس کے معاملات پر شدید تشویش کا اظہار کیا تھا۔ اس کے بعد سے ہارڈ سٹیٹ کی اصطلاح پر مسلسل بحث ہوتی رہی تھی اور مختلف تجزیہ نگار اس کے مختلف معنی نکالنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ شاید اسی لیے آرمی چیف نے گزشتہ روز کی تقریر میں ہارڈ سٹیٹ کی وضاحت ضروری سمجھی۔ آرمی چیف ایک اچھے مقرر ہیں اور ان دنوں ملک میں امن و امان اور قانون کی بالادستی کے موضوعات پر تقاریر کرتے ہوئے قرآنی حوالوں سے اپنی گفتگو میں وزن پیدا کرتے ہیں۔ لیکن دیکھا جا سکتا ہے کہ بظاہر ملک کے سب سے طاقت ور شخص کو بھی ملک کے ملاؤں؟ ں کی جہالت، قانون شکن رویوں یا ہر سطح پر نفرت عام کرنے کے طریقوں کے بارے میں بات کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ ملاؤں؟ ں نے حال ہی میں اسلام آباد میں ایک نام نہاد 'فلسطین کانفرنس' منعقد کی اور اسرائیل کے خلاف جہاد کا فتویٰ جاری کیا۔ شہباز شریف تو ایک مشکوک انتخاب کے نتیجے میں بننے والے وزیر اعظم ہیں۔ ان سے تو مولویوں کو چیلنج کرنے کی توقع عبث ہوگی بلکہ مولویوں کے پھیلائے گئے 'فساد' کی تائید کرنے کے لئے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قومی اسمبلی سے اسرائیل کی مذمت میں ایک نئی قرارداد منظور کرائی اور واضح کیا کہ پاکستان، اسرائیلی جارحیت کو مسترد کرتا ہے۔ یہ قرارداد اور وزیر قانون کی تقریر بجائے خود حکومت کی شکست خوردگی کی بدترین مثال تھی۔ کیوں کہ کسی کو اسرائیل اور غزہ میں اسرائیلی فوجوں کی جارحیت کے بارے میں حکومت پاکستان کی پالیسی پر کوئی شبہ نہیں ہے۔ البتہ 'فلسطین کانفرنس' میں مولانا فضل الرحمان اور مفتی منیب الرحمان سمیت دیگر علمائے دین نے حکومتی پالیسی کو کمزور اور امریکی اثر کے تابع قرار دے کر یہ تاثر دینے کی کوشش کی تھی کہ حکومت غزہ کے مظلوم فلسطینیوں کی مدد کرنے میں ناکام ہے۔ اب عوام کو معاملات اپنے ہاتھ میں لے لینے چاہئیں۔ حکومت نے اس طرز عمل کا نوٹس لیتے ہوئے آرمی چیف کے الفاظ میں ملک کو 'ہارڈ سٹیٹ' بنانے کا تہیہ کرنے کی بجائے، قومی اسمبلی میں تقریروں اور قرارداد کے ذریعے 'غم و غصہ' سے باو؟ لے ہوئے ملاو؟ ں کو راضی کرنے کی اپنی سی کوشش کی۔ تاہم دیکھا جا سکتا ہے کہ متعدد مواقع پر پاکستان میں امن و استحکام کا ضامن ہونے کا دعویٰ کرنے اور قرآنی احکامات پر دسترس رکھنے کے باوجود آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی ملاؤں کی سیاست میں ملوث ہونے سے بچتے ہیں۔ انہوں نے بھی کبھی ملک میں مختلف مواقع پر اشتعال انگیز بیان دینے، تقریریں کرنے اور ملکی امن کے لیے خطرہ بننے والے دینی رہنماؤں کی بے اعتدالی پر کسی قرآنی آیت کے حوالے سے کوئی ہدایت دینے کی کوشش نہیں کی۔ حالانکہ انہیں متفقہ طور سے ملک کا سب سے طاقت ور شخص کہا جاتا ہے جس کی مرضی منشا کے بغیر پتہ بھی نہیں ہلتا۔ البتہ آرمی چیف فی الوقت سوشل میڈیا پر پھیلائے گئے جھوٹ کی طرف توجہ مبذول کیے ہوئے ہیں۔ یا پھر وہ ایسے اقدامات کو کافی سمجھتے ہیں جو تحریک انصاف کو سزا دلوا سکیں۔ کیوں کہ فوج کے خیال میں اس نے سانحہ 9 مئی کے تحت فوج میں بغاوت کو ہوا دی تھی۔ اس لیے ملک دشمن سمجھ کر اسے ہی ٹارگٹ کرنا چاہیے۔ (بشکریہ ہم سب)

سفرنامہ ننکانہ صاحب برائے بھیل انٹرنیشنل ادبی میلہ 2025ء

تحریر: نصیر سومرو، کراچی

انسانی معاشرہ جتنا قدیم ہے، انسان کی کہانی بھی اُتنی ہی پرانی ہے، اور اس کہانی کے کرداروں کی رنگا رنگی مرد و زن کے گرد گھومتی ہے۔ چاہے وہ اساطیر ہوں یا تاریخ، داستان ہو یا ناول، فلم ہو یا اسٹیج۔ عورت کا کردار ہر صورت میں ایک علامت بن کر ابھرتا ہے۔ وہ کبھی رانی، شہزادی، پری، دیوی، کنیز، جادوگرنی یا نائکہ کے روپ میں جلوہ گر ہوتی ہے، تو کبھی منفی کرداروں میں بھی اپنی ہیبت رکھتی ہے۔ وہ نوری کی طرح حسین اور باوقار ہے، جام تماچی اس کے عشق میں ماہی؟ گیر بننے پر آتا ہے۔ کبھی وہ وفا کی مورت ہے، کبھی مکاری کی تصویر۔

خطہ ؟ سندھ میں عورت ہمیشہ ایک شاہانہ، عاشقانہ، اور زمیندارانہ کردار کی حامل رہی ہے۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام میں عورت بہادری کی علامت ہے، اور یہ بہادری قیادت کی خوبیوں کو اجاگر کرتی ہے۔

کیونکہ ہنر چھپائے نہیں چھپتا۔ یہی ہنر انسان کو خود شناسی، سماجی ذمہ داری، اور اپنی شناخت منوانے کی جرات عطا کرتا ہے۔ جس نے اپنا کردار ادا کیا، اپنی ہستی منوائی، وہی اصل میں کامیاب انسان کہلاتا ہے۔

آج ہم جس عورت کا ذکر کرنے جا رہے ہیں، وہ ایک متحرک اور ذمے دار مزاج رکھنے والی خاتون ہے۔ سلطانہ وقاصی۔ وہ ایک لکھاری بھی ہے اور شاعرہ بھی۔ اُس نے اپنی علمی اور تخلیقی توانائی کو قرطاس پر منتقل کر کے قارئین تک پہنچایا، اور یوں اپنی کامیابی کا اعلان کیا۔

سلطانہ وقاصی ایک کالم نگار ہیں۔ اور کالم نگار وہ ہوتا ہے جو زندگی سے جڑے کسی بھی مسئلے پر حالات کے سیاق و سباق میں رائے دینے کا اہل ہو۔ وہ دلیل سے تائید کرے یا دلائل سے انکار۔

سلطانہ وقاصی سندھ کے سیاسی و سماجی مسائل پر گہری بصیرت کے ساتھ رائے دینے کی اہلیت رکھتی ہیں، جس کے نتیجے میں اُن کے شخصی تعلقات بھی بعض اوقات متاثر ہوئے ہیں۔ ایسے لکھاری کو اکثر اس کے قلم کی قیمت چکانی پڑتی ہے۔ کسی کو جیل جانا پڑتا ہے، کسی کو مچھروں سے بھری راتوں میں نیند قربان کرنی پڑتی ہے، اور دوستوں کی ملامتیں، طنز کے تیر محض زبان تک محدود نہیں رہتے بلکہ چہروں کی شکنوں اور رویوں کے بدلاو؟ میں بھی جھلکتے ہیں۔

1990 کی دہائی میں، انور پیرزادو کی ادارت میں شائع ہونے والے اخبار کے ادبی صفحے کی ترتیب سلطانہ وقاصی کے سپرد تھی۔ اُن دنوں لکھنے اور چھپنے کے سلسلے میں اُن سے تعارف ہوا۔

مگر ملاقات 2000 کے بعد ہوئی، جب اُنہوں نے صنعتی ملازمت کو خیر باد کہہ کر



صحافت اور ادب سے ایک روحانی رشتہ استوار کیا۔ کالم نگار کی پہچان عمومی طور پر ادبی انداز میں سیاسی ہوا کرتی ہے، مگر شاعری خالصتاً ایک ادبی اظہار ہے۔ میں سلطانہ وقاصی کی شاعری کا معترف ہوں، کیوں کہ انہوں نے نثری نظم کی فضا میں ایک نیا تجربہ کیا ہے۔

نثری نظم کا کوئی طے شدہ سانچہ نہیں ہوتا، اسی لیے یہ ایک نئی صنف ہے، جس میں تخیل کو اُس وقت بلند کرنا پڑتا ہے جب کوئی انکشاف ابھرنے لگے۔

سلطانہ کی شاعری میں سادہ اسلوب کے اندر ایک عمیق غم، ایک سچا احساس اور اظہار کی جرات ملتی ہے۔ یہ وہ شعری اظہار ہے جو فی بُنت اور دروں کی گہرائیوں سے جنم لینے والے جذبات کی صوتی صورت گری ہے۔ یہ اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب دل بانسری کی مانند ہو، جس سے درد کی سرگوشیاں سنائی دیتی ہیں۔ اس زخمی دل کی صدائیں اُن کی نثری نظموں کے مجموعے "دوہنا ٹیل درشن" میں محفوظ ہیں، اور ایک اور مجموعہ اشاعت کے مرحلے میں ہے، جب کہ اُن کی کئی نظمیں سوشل میڈیا پر بھی دستیاب ہیں۔

نئی نسل کے قارئین شاید یہ نہ جانتے ہوں کہ سلطانہ وقاصی کون ہیں۔ ڈاکٹر فہمیدہ حسین لکھتی ہیں:

"1970 کی دہائی میں سندھ میں عورت کے فعال کردار کے لیے ایک بیداری کی تحریک اٹھی، جس میں جن لکھاری خواتین کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا، اُن میں سلطانہ وقاصی بھی شامل تھیں۔ اُن سے پہلا تعارف اُن کی تحریروں کے ذریعے ہوا۔ جو 'ملیر ڈائجسٹ'، 'سُھ ؟ی' رسالہ، اور 'ہلالِ پاکستان' کے 'سنگھوڑ ین ستھ' کے صفحے پر شائع ہوا کرتی تھیں۔"

"گالھیوں پیٹ ورن میں" دو جلدوں پر مشتمل ہے: پہلی جلد۔ 368 صفحات، دوسری جلد۔ 386 صفحات۔

یہ کتاب سلطانہ وقاصی کے سیاسی، تاریخی، اور تنقیدی کالموں کا مجموعہ ہے۔ پہلا ایڈیشن 2015 میں شائع ہوا۔ کتاب میں وہ اپنے اور اپنے خاندان کا تعارف کچھ یوں کراتی ہیں:

"میں اکرم سلطانہ وقاصی ہوں۔ میرے دو بچے ہیں رُماسہ (ڈاکٹر، ریڈیولوجی اسپیشلسٹ) اور امر مخدوم (ایم بی اے، آئی بی اے)۔ میں نے انہیں اچھا ماحول اور تعلیم دی ہے۔ میں سرکاری ملازمت کر چکی ہوں، مجھے پیسے کی قدر ہے۔ چاہے وہ دس ہزار ہوں یا دس روپے، فضول خرچی نہیں کرتی۔ لکھنا میری ضرورت ہے، نہ لکھوں تو مر جاو؟ ں گی۔ دنیا کے کانٹوں بھرے راستے پر، دہکتے سورج کے نیچے، اپنی ذات کی غم؟ گسار اور رفیق بس خود میں ہوں۔ میرے والد، خان صاحب عبدالحق وکو، مہیر کے رہائشی تھے مگر بعد میں ٹنڈو آدم آ گئے۔ میرا خاندان زمیندار یا وڈیرانہ نہیں ہے۔ میری والدہ، جنہیں ہم "اماں جیجی" کہتے تھے، علامہ علی خان ابڑو کی بیٹی تھیں، جو ایک بڑے عالم اور ماہر تعلیم تھے۔

میرا چھوٹا بھائی نادر وکو، جوانی میں ہی دنیا سے رخصت ہو گیا، جو ہمارے خاندان کے لیے ایک گہرا صدمہ تھا۔ وہ انتہائی ذہین اور نرم؟ خو انسان تھا۔ اُس کی بیوی عظمیٰ بروہی (گل جان بروہی کی بیٹی) بعد ازاں کینسر میں مبتلا ہو کر دنیا سے چل بسی۔ نادر کے چار بیٹیاں ہیں۔ مرنے سے پہلے ایک ماں اپنی بیٹیوں کو کچھ نصیحتیں دیتی ہے۔ میری بھابھی عظمیٰ نے اپنی بیٹیوں سے کہا: اپنی نانی اماں جیجی کی طرح بہادر اور باہمت بنو، کامیابی تمہارے قدم چومے گی۔ بس، ایسی ہی تھیں ہماری اماں جیجی۔ میرے والدین اور بھائیوں نے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا۔

میرا بڑا بھائی، لالا سکندر حیات وکو (جسے ہم لالہ سائیں کہتے ہیں)، میری ادبی ترقی اور شخصیت کی تعمیر میں مرکزی کردار رہا ہے۔

میرا ایک اور رشتہ، میرے پھوپھی زاد بھائی، ڈاکٹر م؟ل وقاصی، جو برسوں سے امریکہ میں مقیم ہے، مگر اُس کا دل ہمیشہ سندھ کی گلیوں میں بھٹکتا ہے۔ امریکہ میں اُس نے 'سندھ' کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے، جہاں بہت سے سندھی مہمان بنتے ہیں۔

سلطانہ وقاصی کے یہ الفاظ روح کو چھو جاتے ہیں: لگتا ہے، بلکہ یقین ہے کہ شاہ عبداللطیف بھٹائی نے یہ اشعار میرے لیے ہی لکھے تھے:

کیا بتاؤں، بہنو!
کیا کیا سہنا پڑا ہے جینے کو
وہ سی جانتی ہے
اور وہ خوں چکاں اذیتیں
جو اسے سہنی پڑی ہیں۔
(اردو ترجمہ)

ریسکیو 1122 بہاولنگر اور ذلیل ہوتی عوام

حکومتیں آتی ہیں اور چلی جاتی ہیں یا لوگ اقتدار میں آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر کچھ حکومتیں یا صاحب اقتدار لوگ اپنے اچھے کاموں کی وجہ سے عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں تو آج ہم بات کرنے جا رہے ہیں سابقہ وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی طرف سے پنجاب کے عوام کو ریسکیو 1122 کی صورت میں دیئے جانے والے انمول تحفے کی، دن یا رات کا کوئی پہر ہو، مصیبت زدہ کسی بھی جگہ ہو یا کسی مریض کو ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرنا ہو یہ سروس بروقت امداد کے لئے پہنچتی تھی مگر اب ہر گزرتا لمحہ کسی غریب کی جان لے رہا ہے۔

یاد رہے، ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت کے غیر ذمہ دارانہ رویے، مبینہ بدعنوانیوں، اور نااہلی نے غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ محکمہ کے دیگر سنگین مسائل نے بھی سروس کے معیار کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت کی لاپرواہی کے چند المناک واقعات اس صورتحال کی سنگینی کو عیاں کرتے ہیں۔ گزشتہ ماہ ایک غریب مریض کو بہاولپور ریفر کیا گیا لیکن ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت نے لواحقین کو غیر ضروری دفتری چکر لگوا کر ان کی غربت کو ان کا جرم بنا دیا۔

ناقص انتظامات کے باعث مریض کی حالت بگڑی اور بدقسمتی سے اس کی موت ہو گئی۔ اسی طرح 15 اپریل 2025 کو ایک سنگین حالت والی مریضہ کی بہاولپور منتقلی میں شدید تاخیر ہوئی۔

راؤ شرافت نے دعویٰ کیا کہ صبح 9 بجے ایمبولنس کی ہدایت دی گئی لیکن شام 7 بجے تک گاڑی نہ پہنچی۔ معروف ن لیگی کارکن ہمایوں بٹ کے رابطے پر انہوں نے بدتمیزی کی، جس معروف نون لیگی کارکن ہمائیوں بٹ نے کہا



نقطہ نظر
کالم نگار
محمد شہزاد بھٹی
shehzadbhatti323@gmail.com

کہ میں صبح ڈپٹی کمشنر صاحب سے آپ کی کمپلین کرونگا تو اس پر ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت کہنے لگا کہ ڈپٹی کمشنر میرا کیا بگاڑ لے گا اور یہ کہہ کر فون بند کر دیا۔

بالآخر مریضہ کو نجی گاڑی میں منتقل کرنا پڑا۔ مزید برآں، ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت پر گاڑیوں کی مرمت میں گھپلے اور ایندھن کی فروخت جیسے بدعنوانی کے الزامات ہیں جو سرکاری وسائل کا ناجائز استعمال اور پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت کے علاوہ ریسکیو 1122 کو دیگر سنگین مسائل کا بھی سامنا ہے۔ ناکافی ایمبولنسز اور ناقص گاڑیوں کی وجہ سے ایمرجنسی میں تاخیر معمول بن چکی ہے خصوصاً دیہی علاقوں میں جہاں فاصلے زیادہ ہیں۔ عملے کی کمی اور تربیت کا فقدان سروس کے معیار کو مزید گرا رہا ہے۔ غیر تربیت یافتہ عملہ ایمرجنسی حالات میں موثر کارکردگی نہیں دکھا پاتا۔

ایمبولنس حاصل کرنے کا نظام انتہائی ناقص ہے، فارم صرف ایک فوٹو سٹیٹ شاپ سے ملتا ہے جو شام ہوتے ہی بند ہو جاتی ہے اور رات کے وقت ایمرجنسی میں کسی مریض کو ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرنے کے ایمبولنس کی سہولت میسر نہیں ہوتی۔ شرمناک امر یہ ہے کہ ایمبولنس اکثر سفارش یا بااثر افراد کے ریفرنس سے ملتی ہے جبکہ غریب مریضوں کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ دیہی علاقوں میں مراکز کی کمی، کچی سڑکوں اور ناقص مواصلاتی نظام کے باعث رسائی مزید مشکل ہے۔ کال سینٹرز میں تاخیر اور تکنیکی خرابیاں بھی بروقت امداد میں رکاوٹ بنتی ہیں۔ عوامی آگاہی کی کمی کے باعث غیر ضروری کالز سے نظام پر دباؤ بڑھتا ہے، جس سے اصل ایمرجنسی کیسز متاثر ہوتے ہیں۔ عوامی آگاہی کی کمی کے باعث غیر ضروری کالز سے نظام پر دباؤ بڑھتا ہے، جس سے اصل ایمرجنسی کیسز متاثر ہوتے ہیں۔

اہل بہاولنگر مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت کے خلاف بدعنوانی، لاپرواہی، اور غیر پیشہ ورانہ رویے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور انہیں فوری طور پر سروس سے برطرف کیا جائے۔ ریسکیو 1122 کے نظام کو بہتر بنایا جائے، فارم اور دفتری مراحل ختم کر کے ڈیجیٹل ایمرجنسی درخواست کا نظام متعارف کیا جائے اور غریب و امیر کے ساتھ یکساں سلوک یقینی بنایا جائے، ایمبولنسز اور عملے کی تعداد بڑھائی جائے، خصوصاً دیہی علاقوں میں عملے کو جدید تربیت دی جائے

اور بدعنوانی روکنے کے لیے گاڑیوں و ایندھن کے استعمال کی باقاعدہ آڈٹنگ کی جائے۔ عوام کو ریسکیو 1122 کی خدمات کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے مہم چلائی جائے۔ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے اہل بہاولنگر کی استدعا ہے کہ ہماری آواز سنیں اور ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ شرافت جیسے نااہل و بدعنوان شخص کے خلاف سخت ایکشن لیں۔ یہ عوام کا حق اور آپ کی شفاف پالیسیوں کا تقاضا ہے لہٰذا اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں تھا تاکہ عوام ریسکیو 1122 سے بھرپور مستفید ہو سکیں۔ اللہ کریم ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے!

اگر کبھی ایسا ہو کہ آپ گھر میں آرام دہ بستر پر سو رہے ہوں اور گہری نیند میں یکا یک ایسا خواب آ کہ کوئی آپ کے گھر میں نقب لگانے کی کوشش کر رہا ہے، اس کے کچھ ساتھی آپ کے پڑوس کی چھتوں پر چڑھے بیٹھے ہیں کہ اشارہ ملتے ہی آپ کے صحن میں چھلانگ لگا دیں تو اس خواب سے بیدار ہونے کے بعد آپ کیا کریں گے؟ بہت سے تو بس کروٹ ہی بدلیں گے اور دوبارہ سو جائیں گے۔ شاید ہزار میں سے کوئی ایک ہوگا جو بیدار ہونے کے بعد سوچے گا کہ مجھے یہ خواب کیوں آیا ہے؟ اور پھر وہ اپنے گیٹ دروازے اور کھڑکیاں وغیرہ دیکھے گا تا کہ حفاظتی اقدامات کر سکے؟

چشم بصیرت سے دیکھیں تو حقیقت یہی ہے۔ بحیثیت پاکستانی قوم ہم چاروں طرف سے خطرات میں گھرے ہو؟ ہیں لیکن قوم کو دو وقت کی روٹی اور بچوں کے اخراجات نے ایسا الجھا دیا ہے کہ وہ خرچے پورے کرنے کے دائرے میں ہی گھومتی رہتی ہے۔

حال ہی میں دنیا کے حالات پر ایک حیرت انگیز نغمہ ریلیز ہوا ہے 'اب کچھ بھی مجھے حیران نہیں کرتا'۔ ٹیکین جافاکولی (Tiken Fakolyjah) ایک معمر گلوکار ہیں جن کا تعلق آئیوری کوسٹ سے ہے۔

اس گیت میں نوآبادیاتی طاقتوں کی طرف سے دنیا کی بندر بانٹ کو کھل کر بیان کیا گیا ہے جب کہ وہ قومیں خود اپنی حالت سے غافل ہیں۔ نغمے کے بول ہیں:

~انہوں نے دنیا بانٹ لی ہے، اب مجھے کسی چیز پر بھی تعجب نہیں ہوتا

اگر تم مجھے چیچنیا دو گے، تو میں تمہیں آرمینیا دوں گا

اگر تم مجھے افغانستان دو گے، تو میں تمہیں پاکستان دوں گا

اگر تم ہیٹی نہیں چھوڑو گے، تو میں تمہیں بنگوئی میں پھنسا دوں گا

اگر تم عراق پر بمباری کرنے میں میری مدد کرو گے، تو میں تمہارے لیے کردستان بنا دوں گا

انہوں نے ہم سے مشورہ کیے بغیر، پوچھے بغیر، خبردار کیے بغیر افریقہ بانٹ لیا۔

انہوں نے دنیا بانٹ لی ہے، اب مجھے کسی بات پر بھی حیرت نہیں ہوتی!

لمحہ فکریہ ہے کہ اقوام عالم کے برعکس امت مسلمہ کو کتاب و سنت کے ذریعے 'جسدِ واحد' ہونے کا سبق پڑھایا گیا ہے، جس کے ایک حصے میں تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم اس درد کو محسوس کرتا ہے مگر فی الوقت وہ جسد اس درد کا علاج کرنے سے قاصر ہے۔ کفار کی یلغار ایک کے بعد ایک مسلم ملک کو ختم کرتی جا رہی ہے مگر مسلمانوں میں وہ شعور بہت کم



ہے جو انہیں متحد و یک جان ہو کے کوئی متفقہ لائحہ عمل تیار کرنے اور مستقبل کے خطرات سے کما حقہ نمٹنے کے قابل بنا سکے۔

بقول علامہ اقبال:

~منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک
ایک ہی سب کا نبی دین بھی ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک

کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک؟

جب تک مسلمان آپس کے چھوٹے چھوٹے اختلافات کو بھلا کر امت مسلمہ کی خاطر متحد اور یک جان نہیں ہوں گے، وہ یہود و ہنود کی سازشوں کو روکنے کے قابل نہیں ہو سکیں گے۔ دنیا تیزی سے تیسری عالمی جنگ کی طرف بڑھ رہی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ جنگ مسلمانوں سے ہی لڑی جا؟ گی جس کے لئے عالم اسلام کو وسیع، مربوط اور دور رس تیاریوں کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے میڈیا ٹیلیکس ،فقہ جنریشن وار، تعلیمی اداروں میں برین واشنگ اور چند بکاؤ مال سیاست دانوں کے ذریعے پاکستانی نوجوانوں کے اذہان کو اپنے ہی قومی اداروں کے خلاف زہر آلود کر دیا گیا ہے، انھیں دوست اور دشمن کے مابین فرق بھلا دیا گیا ہے۔

ان حالات میں نقارہء حق بلند کرنا، معاشرے میں اخوت و یگانگت کی خاطر جستجو کرنا، قومی اتفاق رائے پیدا کرنا ایک عظیم جہاد سے کم نہیں لیکن یہ وہی کر سکتا ہے جو خدا خوفی رکھتا ہو، اولوالعزم بھی ہو، اپنی قوم سے مخلص اور وفا شعار بھی۔ ہمارے دادا جان کے زمانے میں ایک ہمسایہ بیمار ہوتا تھا تو ارد گرد کے ہمسا؟ عیادت کرنے آتے تھے۔ کسی کی بیٹی کی شادی کا وقت قریب ہوتا تھا تو سب عزیز و اقارب شادی کی تیاریوں اور اخراجات میں اپنا حصہ ڈالتے تھے۔ بہت سادہ اور پُرسکون معاشرہ تھا۔ ہر قسم کے سیاسی اور سماجی تعصبات سے بالاتر ہو کے آپس میں میل جول رکھا جاتا تھا۔

موجودہ حالات میں جس چیز کی اشد ضرورت ہے وہ "اخوت اسلامیہ" ہے۔ یہ اللہ رب العالمین کی بے شمار نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہے۔ اخوت کی بنیاد "کلمہء شہادت" پر ہے۔ جو کلمہ پڑھ لیتا ہے وہ ملت اسلامیہ کا حصہ بن جاتا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد الٰہی ہے:

"بے شک مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ پس اپنے بھائیوں میں صلح کروا دیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر رحم کیا جا"؟ (الحجرات:10)

سورہء فتح میں ارشاد ہوا:

"محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت ہیں اور آپس میں رحیم ہیں۔۔"

دنیا بھر میں جہاں کہیں مسلمانوں پر ظلم و بربریت کی خبر ملے چاہے وہ فلسطین ہو، کشمیر ہو، روہنگیا ہو، یوغور ہو، ہر مسلمان کا دل بے چین ہو جاتا ہے۔ یہ بھائی چارہ ہمیں بھی درد آشنا کر کے چھوڑتا ہے۔ کبھی مصلے پر دعاؤں کی صورت میں لبوں پہ آتا ہے، کبھی اشکوں میں ڈھل کے بہہ جاتا ہے؟ تدبر کی آنکھ سے دیکھا جا؟ تو یہ قلبی محبت ایک معجزہ ہے!

سورہء انفال آیت 63 میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

"اسی نے ان کے دلوں میں باہمی الفت ڈال دی۔ زمین میں جو کچھ ہے اگر تم سارے کا سارا بھی خرچ کر ڈالتے تو بھی ان لوگوں کے دل نہ جوڑ سکتے۔ یہ تو اللہ ہی نے ان میں الفت ڈال دی ہے۔ وہ غالب، حکمت والا ہے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سنت "مواخاۃ" بھی ہے۔ کفار مکہ کے ظلم و ستم سے تنگ آ کر جب مسلمانوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو آپ نے ہر مہاجر کو دوسرے انصاری کا بھائی بنا دیا۔ یہی مواخاۃ ایک پُر امن، مستحکم اور خوش حال معاشرے کی بنیاد بنی۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے دشمن کے حوالے کرتا ہے اور جو کوئی اپنے بھائی کی حاجت پوری کرنے میں لگ جائے گا، اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرنے میں لگ جائے گا

اوورسیز پاکستانیوں کے لیے سہولتوں کا اعلان

وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے متعدد سہولتوں کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ بنفس نفیس پاکستان کو کثیر زرمبادلہ فراہم کرنے والے لوگوں کے مفادات کے محافظ ہوں گے۔ اسلام آباد میں اوورسیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کیا کہ 'میں آپ کا سی ای او ہوں گا۔ میری کابینہ اور ملک کی بزنس کمیونٹی آپ لوگوں کی سرمایہ کاری کی حفاظت کرے گی'۔ اوورسیز کنونشن بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کی خدمات کا اقرار کرنے اور ان کی مشکلات کا جائزہ لینے کے لیے منعقد ک





خانہ کعبہ کو دیکھا تو بابر اعظم کی شادی کیلئے دعا کی، شاداب خان

بابر اعظم قریب ہی کھڑے تھے جنہوں نے فوری ردعمل دیتے ہوئے کہا ہائے یار نہیں، گفتگو



لاہور (سپورٹس ڈیسک) شاداب خان کئی بار عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں انہوں نے خانہ کعبہ دیکھ کر سب سے پہلے کس کی شادی کی دعا کی ہے اور اسی ویڈیو میں وہ سابق لیگ اسپنر مشتاق احمد کے ساتھ بھی خوش گپیاں کر رہے ہیں۔اس موقع پر شاداب خان کہتے ہیں کہ خانہ کعبہ کو دیکھ کر جو دعا کرو وہ پوری ہوتی ہے۔ تو جب میں نے پہلی بار خانہ کعبہ کو دیکھا تو سب سے پہلے بابر اعظم کی شادی کے لیے دعا کی۔اس دوران بابر اعظم قریب ہی کھڑے تھے

شعیب اختر، شاداب کی کپتانی سے متاثر، اعظم خان کی بھی حمایت کردی

شاداب خان بہت اسمارٹ کھلاڑی اور اسلام آباد یونائیٹڈ کا ایک اہم حصہ قرار دیا



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان کی قائدانہ صلاحیتوں سے متاثر ہوگئے اور اعظم خان کی بھی حمایت کردی۔سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے ایک مقامی ڈیجیٹل اسپورٹس پلیٹ فارم پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے بولر کے طور پر ان میں زیادہ دلچسپی ہے اور میں اسے ہمیشہ بولر کے طور پر پہچانتا ہوں، مجھے ان کی بیٹنگ کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔انہوں نے شاداب خان کی قیادت کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ایک بہت اسمارٹ کھلاڑی اور اسلام آباد یونائیٹڈ کا ایک اہم حصہ قرار دیا۔سابق کرکٹر نے کہا کہ شاداب ٹیم کو متحد رکھتا ہے اور کسی بھی مسئلے کو پیدا نہیں ہونے دیتا۔شعیب نے اعظم خان کا بھی دفاع کرتے ہوئے کہا کہ وکٹ کیپر بلے باز کو غیر ضروری تنقید کا سامنا کرنا پڑا، وہ بہت اچھے کرکٹر ہیں

اگر میرا اثر ورسوخ ہوتا تو آج پی سی بی کا چیئرمین ہوتا، شاہد آفریدی



گلگت (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ اگر اُن کا اثر و رسوخ ہوتا تو آج وہ پی سی بی کے چیئرمین ہوتے، اگر وہ پی سی بی میں آئے تو پاکستان کی خاطر آئیں گے انہیں کوئی کنٹریکٹ نہیں چاہیے۔شاہد آفریدی نے گلگت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اُن کے دور میں قومی کرکٹ ٹیم میں میچ ونرز بہت تھے اب اتنے میچ ونرز نہیں ہیں، ہمیں نچلے لیول میں تگڑے لوگ چاہئیں تاکہ وہ پلیئرز کی اچھی ٹریننگ کرسکیں۔

حماد اعظم پر امپائر سے الجھنے پر بھاری جرمانہ عائد

میچ ریفری علی گوہر سے بھی آفیشل میٹنگ میں بدتمیزی کی، 100 فیصد جرمانہ عائد



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے گریڈ ٹو ٹورنامنٹ میں امپائر سے بدتمیزی کرنے پر آل راؤنڈر حماد اعظم پر جرمانہ عائد کردیا۔گریڈ ٹو ٹورنامنٹ میں حماد اعظم کنگز مین ٹیم کے کپتان ہیں، انہوں نے ونگ ٹرپل نائن اسپورٹس کے خلاف میچ میں آؤٹ ہونے پر غصہ کیا اور فیلڈ امپائرز کے ساتھ ساتھ میچ ریفری سے بھی بدتمیزی کی۔فیلڈ امپائرز نے میچ ریفری کو رپورٹ کیا جس کے بعد حماد اعظم اور کنگز مین کو منیجر کو بلایا گیا۔حماد اعظم نے میچ ریفری علی گوہر سے بھی آفیشل میٹنگ میں بھرپور بدتمیزی کی، جس پر میچ ریفری نے حماد اعظم پر 100 فیصد جرمانہ عائد کردیا۔

ٹینس میں مرد اور خواتین کھلاڑیوں میں تفریق کی جارہی ہے، سرینا ولیمز



واشنگٹن (این این آئی) خواتین ٹینس کی نامور پلیئر امریکا کی سیرینا ولیمز نے کہا ہے کہ اس کھیل میں مرد اور خواتین کھلاڑیوں میں تفریق کی جارہی ہے، اٹلی کے جینک سینر کو ڈوپنگ کیس میں جو سزا دی گئی ہے وہ کم ہے، اگر یہی کچھ اُن کے ساتھ ہوتا تو اُنہیں کم از کم 20 برس کی پابندی کا سامنا کرنا پڑتا۔ایک انٹرویو میں سیرینا ولیمز نے کہا کہ ٹینس میں دہرا معیار قائم کیا جارہا ہے، عالمی نمبر ون اٹلی کے جینک سینر کو ڈوپنگ کیس میں جو سزا دی گئی ہے وہ کم ہے۔

عمر شہزاد اور شانزے لودھی شادی کے بندھن میں بندھ گئے

شادی کی تقریب میں دولہا دلہن نے خوبصورت روایت اور جدت کا حسین امتزاج پیش کیا



کراچی (این این آئی) عمر شہزاد اور شانزے لودھی شادی کے بندھن میں بندھ گئے، شاندار تقریب کی تصاویر سوشل میڈیا پر چھا گئیں۔تفصیلات کے مطابق پاکستان کے مشہور اداکار اور ماڈل عمر شہزاد اور شانزے لودھی کی شادی کی تقریب کراچی میں دھوم دھام سے منعقد ہوئی، جس میں شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی کئی نامور شخصیات نے شرکت کی۔اس سے قبل فروری 2025 میں دونوں کا نکاح مدینہ منورہ کی مقدس سرزمین پر مسجد نبوی ﷺ میں انجام پایا تھا، سادہ اور روحانی تقریب میں قریبی رشتے داروں نے شرکت کی تھی۔شادی کی تقریب میں دولہا دلہن نے خوبصورت روایت اور جدت کا حسین امتزاج پیش کیا۔شانزے لودھی نے سنہری گوٹا کناری اور سیکوئنز سے مزین دیدہ زیب دلہن لباس زیب تن کیا، ان کا عروسی جوڑا ہلکے سنہری رنگ کا تھا، جس پر نفیس کام کیا گیا تھا



حرا مانی کی ہمشکل نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی

سوشل میڈیا صارفین نے ڈاکٹر اقدس کو حرا مانی کا بہتر ورژن قرار دیا



کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ حرا مانی کی ہمشکل نے منظر عام پر آ کر فینز کی تمام تر توجہ حاصل کرلی۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک پاکستانی برطانوی انفلوئنسر ڈاکٹر اقدس جو انسٹاگرام پر والدین کیلئے مثبت تربیتی مواد شیئر کرتی ہیں اپنی حرا مانی سے حیرت انگیز مشابہت کی وجہ سے عوام کا توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ ڈاکٹر اقدس نا صرف ان کی شکل بلکہ آواز اور بولنے کے انداز نے بھی مداحوں کو چکرا کر رکھ دیا ہے۔ڈاکٹر اقدس کی ویڈیوز وائرل ہو چکی ہیں جن کو دیکھ کر صارفین حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ کیا آپ حرا مانی ہیں؟۔ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ آپ کی آواز بھی بالکل حرا مانی جیسی ہے۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین نے ڈاکٹر اقدس کو حرا مانی کا بہتر ورژن بھی قرار دیا ہے۔ڈاکٹر اقدس کا مشن والدین کو بچوں کی بہتر تربیت کیلئے راہنمائی فراہم کرنا ہے

مجھے ریتیک روشن کی شکل پسند نہیں

سمانتھا کا انٹرویو وائرل



ممبئی (آئی این پی) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ریتیک روشن کو اکثر ان کی خوبصورتی کی وجہ سے یونانی دیوتا کہا جاتا ہے۔ وہ خاص طور پر خواتین میں بیحد مقبول ہیں۔تاہم ایک پرانے انٹرویو میں سمانتھا رتھ پر بھونے کہا تھا کہ انہیں ریتیک کی شکل کچھ خاص پسند نہیں۔اس دوران انہوں نے اپنے سابق شوہر (جو انٹرویو کے وقت شوہر نہیں بنے تھے) ناگا چیتنیا کو ان سے زیادہ پرکشش قرار دیا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ریڈٹ پر شیئر کیے گئے ایک انٹرویو کے کلپ میں سمانتھا مختلف اداکاروں کو ان کی شکل و صورت کے لحاظ سے ریٹنگ دے رہی تھیں۔

سیف اور کنگنا کی فلم جیول تھیف کا گانا الزام ریلیز کردیا گیا

54 سالہ سیف علی خان اور 34 سالہ کنگنا کا رومانٹک سین، سوشل میڈیا پر بحث چھڑ گئی



ممبئی (این این آئی) فلم جیول تھیف کے ریلیز کیے گئے رومانٹک گانے الزام میں 54 سالہ سیف علی خان اور 34 سالہ کنگنا رناوت کی کیمسٹری مداحوں کو اپنی جانب متوجہ کرنے میں کامیاب ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق سیف علی خان اور کنگنا رناوت نے رومانوی نغمے میں اپنی جاندار اداکاری اور جذباتی انداز کے شاندار اظہار سے چار چاند لگا دیئے۔گانے نے ریلیز ہوتے ہی سوشل میڈیا پر دھوم مچادی اور عمر میں 20 سال کا فرق ہونے کے باوجود دونوں فنکاروں کی زبردست کیمسٹری نے مداحوں کے دل جیت لیے۔سوشل میڈیا صارفین کے درمیان سیف اور کنگنا کی عمروں کے درمیان فرق پر بحث چھڑ گئی۔

ماورا حسین شوہر کے گھر منتقل، نئی زندگی کے آغاز کی تصاویر شیئر کردیں



کراچی (آئی این پی) ماورا حسین نے شوہر کے گھر منتقل ہو کر نئی زندگی کا آغاز کر دیا، خوبصورت تصاویر منظرِ عام پر آ گئیں۔حال ہی میں اپنے قریبی دوست اور اداکار امیر گیلانی کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والی ماورا حسین نے باقاعدہ طور پر اپنے شوہر کے گھر منتقل ہو کر نئی زندگی کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، اداکارہ نے اپنے نئے گھر کی خوبصورت جھلکیاں سوشل میڈیا پر شیئر کی ہیں، جن میں گھر کے ہر کونے کی دلکش تصاویر شامل ہیں۔

چھوٹے بھائی عبید کو بولنگ کرنا جذباتی لمحہ تھا، نسیم شاہ

کمرشل کا کرکٹ سے کوئی تعلق نہیں، جب پرفارمنس نہیں ہوتی تو اشتہار کرنے پر بھی تنقید ہوتی ہے، گفتگو



راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے فاسٹ بولر نسیم شاہ نے کہا ہے کہ بھائی عبید شاہ کو بولنگ کرنا جذباتی لمحہ تھا۔تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسلام آباد یونائیٹڈ کے فاسٹ بولر نسیم شاہ نے کہا کہ ہماری ٹیم اچھی جارہی ہے، پچھلی بار پی ایس ایل جیتے اس بار بھی اچھا آغاز ہوا ہے ٹورنامنٹ پر ہی فوکس ہے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹا بھائی مخالف ٹیم میں کھیلے تو اچھا لگتا ہے۔نسیم شاہ نے کہا کہ انجریز کھیل کا حصہ ہے بطور فاسٹ بولر کوشش ہوتی ہے پرفارم کروں، بطور ایتھلیٹ کوشش کرتے ہیں ہر روز اپنی پرفارمنس بہتر کریں۔فاسٹ بولر نے کہا کہ کمرشل کا کرکٹ سے کوئی تعلق نہیں، جب پرفارمنس نہیں ہوتی تو اشتہار کرنے پر بھی تنقید ہوتی ہے، رات کا وقت ہے تو پروموشن میں آیا ہوں دن میں پریکٹس کرتا ہوں۔

شاہین آفریدی کی بیٹے کے ہمراہ گراؤنڈ سے خوبصورت تصاویر وائرل

کیمرے نے یادگار لمحات کو محفوظ کرلیا، تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر اور شائقین کرکٹ کے ہر دلعزیز کھلاڑی شاہین آفریدی اپنے ننھے بیٹے عالیار کو گراؤنڈ میں لے آئے، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔کراچی کنگز اور لاہور قلندرز کے درمیان حال ہی میں ہونے والے پی ایس ایل کے میچ کے بعد گراؤنڈ میں دلچسپ مناظر دیکھنے کو ملے جسے کیمرے نے محفوظ کرلیا۔لاہور قلندرز نے شاہین سے دلچسپ مقابلے کے بعد شکست دے دی تھی۔شاہین آفریدی اس موقع پر اپنے قریبی دوست کراچی کنگز کے نائب کپتان حسن علی سے اپنے بیٹے کو ملوانے کے لیے گراؤنڈ میں لے کر پہنچ گئے۔

آج تک بین المذاہب شادی پر ٹرول کیا جاتا ہے، سوہا علی خان

اگر ہولی پر پوسٹ کروں تو کہا جاتا ہے کس قسم کے مسلمان ہیں، اداکارہ



ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی اداکارہ سوہا علی خان نے کہا ہے کہ آج تک بین المذاہب شادی پر ٹرول کیا جاتا ہے، اگر ہولی پر پوسٹ کرون تو کہا جاتا ہے کہ آپ کس قسم کے مسلمان ہیں، یہ چیز مجھے پریشان نہیں کرتی لیکن یہ ایسی چیز ہے جسے میں نوٹس کرتی ہوں ۔بھارتی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو میں سوہا علی خان نے شیئر کیا کہ وہ اکثر زندگی میں اپنے ذاتی فیصلوں جیسے بیٹانہ ہونے کی وجہ سے ٹرول کی جاتی رہی ہیں حالانکہ اپنی بیٹی عنایا کی ماں بننے پر خوش ہیں لیکن اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ بھی کہتے ہیں کہ ان کی زندگی بیٹے کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔سوہا نے کہا کہ میں تھوڑی موٹی ہوگئی ہوں، یہ مجھے پریشان نہیں کرتا، لیکن ایک چیز جو مجھے حیران کرتی ہے وہ یہ ہے کہ جب میں کچھ پوسٹ کرتی ہوں تو لوگ میرے مذہب پر تبصرے کرنے لگتے ہیں۔

مندر میں میری پوجا کی جاتی ہے، اروشی روٹیلا کا دعویٰ

چاہتی ہوں جنوبی ہند میں بھی میرے نام کا مندر تعمیر ہو اور علاقائی فلم انڈسٹریز میں سرگرم عمل ہوں



ممبئی (آئی این پی) ہالی ووڈ اداکارہ اروشی روٹیلا ایک بار پھر اپنے منفرد دعوے کی وجہ سے سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئی ہیں۔ایک حالیہ انٹرویو میں میزبان سدھارتھ کنن سے گفتگو کے دوران اروشی نے دعویٰ کیا کہ اتراکھنڈ میں میرے نام کا مندر ہے، اگر آپ بدری ناتھ جائیں، تو اس کے بالکل پاس ہی اروشی مندر موجود ہے۔جب میزبان نے پوچھا کہ کیا لوگ وہاں دعائیں مانگنے جاتے ہیں، تو اروشی نے ہنستے ہوئے جواب دیا کہ اب مندر ہے تو وہی تو کریں گے۔اروشی نے یہ بھی انکشاف کیا کہ دہلی یونیورسٹی کے طلبہ بھی ان کی پوجا کرتے ہیں اور ان کی تصاویر کو ہار پہناتے ہیں۔اروشی نے مزید کہا کہ وہ اب چاہتی ہیں کہ جنوبی ہند میں بھی ان کے نام کا مندر تعمیر ہو کیونکہ وہ وہاں کی علاقائی فلم انڈسٹریز میں سرگرم عمل ہیں۔

لارا دتا نے زندگی کی 47 بہاریں دیکھ لیں



ممبئی (آئی این پی) سابق مس یونیورس اور بالی وڈ اداکارہ لارا دتا نے زندگی کی 47 بہاریں دیکھ لی ہیں۔اداکارہ لارا دتہ نے گزشتہ روز اپنے شوہر، مشہور ٹینس کھلاڑی مہیش بھوپتی اور بیٹی سائرا کے ساتھ اپنی 47 ویں سالگرہ منائی۔سابقہ حسینہ عالم نے اپنے خاص دن کی دل کو چھو لینے والی تصاویر سوشل میڈیا پر مداحوں اور چاہنے والوں کے ساتھ شیئر کیں۔

عمران ہاشمی نے بالی وڈ انڈسٹری کا تاریک راز شیئر کردیا

ساتھی فنکاروں کے درمیان اکثر زیر بحث رہنے والے اتحاد، حمایت کے فقدان پر لب کشائی



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے خوبرو اداکار عمران ہاشمی نے بالی وڈ انڈسٹری کا تاریک راز شیئر کردیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق بالی وڈ کے خوبرو اداکار عمران ہاشمی ان دنوں اپنی آنے والی فلم ''گراؤنڈ زیرو'' کی تشہیر میں مصروف ہیں۔انہوں نے فلم انڈسٹری میں موجود اندرونی منفی رویوں اور ساتھی فنکاروں کے درمیان اکثر زیر بحث رہنے والے اتحاد اور حمایت کے فقدان پر لب کشائی کر ڈالی۔

کرن جوہر نے اپنے وزن میں ناقابلِ یقین کمی پر خاموشی توڑ دی



ممبئی (آئی این پی) معروف بھارتی فلم ساز کرن جوہر نے بالآخر وزن میں نمایاں کمی پر خاموشی توڑ دی جبکہ اوزیمپک کی افواہوں کا بھی اشاروں میں جواب دے دیا۔کرن جوہر نے اپنے وزن میں کمی پر افواہوں کا طویل عرصے تک کوئی جواب نہیں دیا، لیکن اب بالآخر انہوں نے خاموشی توڑ دی ہے۔ایک حالیہ انسٹاگرام سیشن کے دوران مداحوں نے کرن جوہر کے وزن میں کمی سے متعلق بے شمار سوالات کیے۔

کوشش تھی ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کریں، محنت کی، فاطمہ ثنا

ریورس سوئنگ پر بہت کام کیا، بولنگ کوچ جنید خان نے بڑی مدد کی، میڈیا سے بات چیت



لاہور (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثناء نے کہا ہے کہ ہماری کوشش تھی کہ ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کریں اور اسی کیلئے محنت کی۔لاہور میں تھائی ویمنز کے خلاف میچ میں عمدہ کامیابی کے بعد میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ریورس سوئنگ پر بہت کام کیا، بولنگ کوچ جنید خان نے بڑی مدد کی۔انکا کہنا تھا کہ ایسا نہیں ہے کہ صرف اسپنرز وکٹیں لیتے تھے، فاسٹ بولرز بھی وکٹیں لیتے تھے۔

کوشش ہوگی ورلڈ کپ میں فائنل کھیلیں اور فتح حاصل کریں، محمد وسیم



لاہور (این این آئی) قومی ویمن کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد وسیم قومی ٹیم کے ورلڈ کپ فائنل کھیلنے کیلئے پرعزم ہیں، انہوں نے کہا کہ کوشش ہوگی ورلڈ کپ میں فائنل کھیلیں اور فتح حاصل کریں۔ویمن ٹیم کے کرکٹ ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کرنے کے بعد لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد وسیم نے کہا کہ کوالیفائی کرنا ہمارا ہدف تھا جو حاصل کرلیا۔تھائی لینڈ کے خلاف جیت ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، ٹیم نے ہر ڈپارٹمنٹ میں اچھا پرفارم کیا ہے۔اس ایونٹ میں ہم نے کافی مثبت چیزیں حاصل کی ہیں، ہمارا کام کھیلنا ہے، جہاں بھی کرکٹ ہوگی وہاں کھیلیں گے۔

دھونی نے سخت سیکیورٹی کے باوجود وہیل چیئر پر بیٹھے شخص کی خواہش پوری کردی



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کپتان مہندر سنگھ دھونی نے سخت سیکیورٹی کے باوجود وہیل چیئر پر بیٹھے معذور شخص کی خواہش پوری کردی۔ایم ایس دھونی بھارتی کرکٹ کے سب سے زیادہ مشہور اور کامیاب کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں، وہ ریٹائر ہونے کے بعد 43 سال کی عمر میں بھی ملک کے سب سے زیادہ مقبول اور پہچانے جانے والے کرکٹر ہیں



خون کی روانی بہتر بنانے والی غذائیں

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

خون ہمارے جسم میں کسی سپر ہائی وے کی طرح ہوتا ہے جو غذائی اجزا اور آکسیجن سمیت ہر چیز کو دل، دماغ، مسلز اور جلد تک پہنچاتا ہے۔اگر خون کی روانی متاثر ہو تو اس کا نتیجہ جسم کے متعدد افعال متاثر ہونے کی شکل میں نکلتا ہے اور مختلف امراض کا خطرہ بھی بڑھتا ہے۔خونی کی روانی میں مسائل کی عام علامات میں ہاتھوں پیروں میں سوئیاں چبھنے کا احساس، سن ہونا، ہاتھوں پیروں میں تکلیف، درد، مسلز اکڑنا قابل ذکر ہیں۔صحت بخش غذا خون کے بہاؤ یا گردش کو بہترین بنانے کا ایک ذریعہ ہے جبکہ ورزش، مناسب مقدار میں پانی پینا، جسمانی وزن کو کنٹرول میں رکھنا اور تمباکو نوشی سے گریز بھی اہم ہیں۔کچھ غذائیں خون کے بہاؤ کو بہتر بناتی ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

سرخ مرچیں

سرخ مرچوں کا استعمال کھانوں میں عام ہوتا ہے مگر یہ صرف ذائقہ ہی نہیں بڑھاتیں بلکہ ان میں موجود اجزا خون کی شریانوں کے افعال کے لیے بھی بہترین ہیں۔یہ اجزا خون کی شریانوں کے مسلز کو پرسکون رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں جس سے خون کا بہاؤ ہموار رہتا ہے اور یہ بلڈ پریشر کو مستحکم رکھنے کے لیے اچھا ہوتا ہے۔

چقندر

سلاد میں عام استعمال ہونے والی یہ سبزی نائٹریٹ سے بھرپور ہوتی ہے جو جسم کے اندر نائٹرک آکسائیڈ میں بدل جاتا ہے۔یہ جز شریانوں کو کشادہ رکھنے اور ٹشوز اور اعضا کے لیے خون کے بہاؤ کو بہتر بناتا ہے۔تحقیقی رپورٹس کے مطابق چقندر کے جوس کو پینے سے بلڈ پریشر کو کم رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بیریز

یہ اینٹی آکسائیڈنٹس سے بھرپور ہوتی ہیں جن میں سے ایک خون کی شریانوں کے لیے بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ان میں موجود مرکبات جوڑوں کی دیواروں کو نقصان پہنچنے سے بچاتے ہیں اور اکڑنے نہیں دیتے، مزید براں یہ مرکبات نائٹرک آکسائیڈ کے اخراج کو متحرک کرتے ہیں جس سے بھی بلڈ پریشر کو کم رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

مچھلی

مچھلی کو دل کی صحت کے لیے فائدہ مند تصور کیا جاتا ہے اور اس کی ایک یہ بھی ہے کہ اس میں اومیگا تھری فیٹی ایسڈز کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔تحقیقی رپورٹس کے مطابق یہ فیٹی ایسڈز خون کے گردشی نظام کے لیے مفید ہوتے ہیں جس سے نہ صرف بلڈ پریشر کو کم رکھنے میں مدد ملتی ہے بلکہ یہ شریانوں کو صاف رکھنے اور بلاک ہونے سے بھی بچاتے ہیں۔

انار

انار کے اندر موجود ننھے دانے متعدد اجزا سے بھرپور ہوتے ہیں جن میں اینٹی آکسائیڈنٹس اور نائٹریٹ قابل ذکر اجزا ہیں۔یہ خون کے بہاؤ کو بہتر کرتے ہیں اور شریانوں کو کشادہ کرتے ہیں جبکہ بلڈ پریشر کی سطح کم ہوتی ہے۔اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ مسلز اور دیگر حصوں کو زیادہ آکسیجن اور غذائی اجزا پہنچتے ہیں، متحرک افراد کے لیے خون کا اچھا بہاؤ کارکردگی کو بڑھاتا ہے۔

لہسن

لہسن میں سلفر مرکب ایلیسن ہوتا ہے جو خون کی شریانوں کو پرسکون رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔تحقیقی رپورٹس سے ثابت ہوا ہے کہ لہسن سے بھرپور غذا استعمال کرنے والے افراد میں خون کا بہاؤ بہت اچھا ہوتا ہے، جس کے باعث دل کو جسم کے ہر حصے تک خون پہنچانے کے لیے سخت محنت نہیں کرنا پڑتی، جس سے بلڈ پریشر کم رہتا ہے۔

اخروٹ

گریاں بالخصوص اخروٹ ایلفا لینولینک ایسڈ سے بھرپور گری ہے، یہ اومیگا تھری فیٹی ایسڈ کی ایک قسم ہے جو خون کو روانی کو ہموار بنا سکتا ہے۔ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ اخروٹ کو 8 ہفتوں تک کچھ مقدار میں کھانا خون کی شریانوں کی صحت بہتر کرتا ہے اور ان کی لچک برقرار رہتی ہے اور بلڈ پریشر کم ہوتا ہے۔

انگور

یہ مزیدار پھل شریانوں کو صحت مند رکھنے اور خون کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ انگوروں میں موجود اینٹی آکسائیڈنٹس خون کی شریانوں کو پرسکون رکھنے اور ان کے افعال کو زیادہ مؤثر بنانے کے لیے اہم ہیں۔اسی طرح انگور کھانے سے جسم میں ورم اور خون میں دیگر نقصان دہ مالیکیولز کی روک تھام ہوتی ہے جو خون کو چپچپا بناتے ہیں اور روانی کو متاثر کرتے ہیں۔

ہلدی

ہلدی ورم کش خصوصیات سے لیس ہوتی ہے جس کی وجہ اس میں موجود مرکب ہے، تحقیقی رپورٹس سے عندیہ ملا ہے کہ یہ جز curcumin نائٹرک آکسائیڈ بننے کے عمل کو بہتر کرتا ہے جس سے شریانوں کو کشادہ رہنے میں مدد ملتی ہے۔اس سے خون کے لیے اپنی روانی برقرار رکھنا آسان ہوجاتا ہے۔

پالک

نائٹریٹ سے بھرپور غذائیں جیسے پالک سے بھی خون کی روانی میں بہتری آسکتی ہے۔ان میں موجود مرکبات خون کی شریانوں کو پھیلاتے ہیں اور خون کو آگے بڑھنے کے لیے زیادہ جگہ ملتی ہے۔ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ پالک کو کھانے سے شریانوں کی لچک برقرار رکھنے اور بلڈ پریشر کی سطح میں کمی لانے میں مدد ملتی ہے۔

ترش پھل

ترش پھلوں میں وٹامن سی کی مقدار کافی زیادہ ہوتی ہے جبکہ ان میں ایسے اینٹی آکسائیڈنٹس موجود ہوتے ہیں جو ورم کو کم رکھنے، خون کے کلاٹس کی روک تھام اور خون کی روانی کو بہتر بنانے میں فائدہ مند ہیں۔اگر آپ اورنج جوس پسند کرتے ہیں تو اچھی خبر یہ ہے کہ ایک تحقیق میں بتایا گیا کہ اورنج جوس کو پینا عادت بنانا بلڈ پریشر کی سطح میں کمی لاتا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ظفروال اوورسیز پاکستانی اور پاکستان نژاد امریکن نیشنلٹی ہولڈر خواجہ فاروق کا دورہ پاکستان

حکومت کی جانب سے اوورسیز کمیونٹی کو مدعو کرنے اور ان کے تحفظات سننے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیا گیا



ظفروال (زاہد چوہدری سے) اوورسیز پاکستانی رہنما خواجہ فاروق نے ظفروال کا دورہ کیا اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بطور مہمان ظفروال آ کر بہت خوشی ہوئی۔ان کا کہنا تھا کہ''ہم کو اسٹیٹ پاکستان کا مہمان بن کر اچھا لگا،اور سب سے پہلے پاکستان ہمارا نعرہ ہے''انہوں نے حکومت کی جانب سے اوورسیز کمیونٹی کو مدعو کرنے اور ان کے تحفظات سننے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کی سرمایہ کاری کو مکمل تحفظ دینے کی یقین دہانی کروائی ہے۔خواجہ فاروق نے مزید کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے گرین پروگرام کو دوبارہ شروع کرنے کی بھی یقین دہانی کروائی ہے،جو کہ ماحول دوست پالیسیوں کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔انہوں نے وزیراعظم پاکستان اور آرمی چیف کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کروائی خواجہ فاروق نے پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کو مضبوط قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ کبھی بھی پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز زبردست ایڈمنسٹریٹر ثابت ہوئی ہیں:اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب میں انفراسٹرکچر ہو یا صفائی انتظامات وہ ترقیاتی منصوبہ جات ہوں یا پھر عوامی فلاح و بہبود کی سکیمیں جہاں دیکھیں وزیراعلیٰ پنجاب کی ٹیمیں متحرک دکھائی دیتی ہیں۔دوسری جانب ضلع سیالکوٹ میں بزنس کمیونٹی کے مسائل سے لیکر شہریوں کے حقوق کا تحفظ صغیر سیاستدان و وزیر دفاع پاکستان خواجہ محمد آصف کی مدبرانہ وقابل قیادت دھندائی دے رہی ہے۔ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی اور بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی اور عباد اظہر بھٹی آف سازلے پرائیویٹ انٹرنیشنل نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر کی ترقی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کیساتھ عوام دوست پالیسیوں کے مثبت نتائج عام عوام کا طرز زندگی بہتری کیجانب گامزن ہے تو وہیں بین الاقوامی اداروں کی پاکستانی معیشت کی بہتری کے سکنگزا رہے ہیں جو ملکی ترقی کیلئے انتہائی مفید ہے۔

مایوسی گناہ نہیں کفر ہے۔خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز

فیفا ورلڈ کپ میں فارورڈ سپورٹس فٹ بال کا استعمال باعث اعزاز ہے۔سی ای او



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مایوسی کفر نہیں تمہارے ذہن کی پیداوار ہے ورنہ دنیا میں آگے بڑھنے کے سارے مراحل امید سے وابستہ ہیں۔یہ الفاظ کامیاب بزنس مین وسی ای او فارورڈ سپورٹس خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز پاکستان نے اپنے ایک بیان میں کہے۔ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے سابق صدر سیالکوٹ چیمبر و سابق چیئرمین سیال اور چیئرمین پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کہا کہ 1991 میں فارورڈ سپورٹس نے جب آغاز سفر کیا تو سب سے بڑا مسئلہ فنانس کا تھا مگر عزم جواں تھا پھر 1994 میں جب دنیا کے فٹبال کے سب سے بڑے برانڈ Adidas کے ساتھ کام کا آغاز کیا تو فنانس کا مسئلہ پہلے سے زیادہ گھمبیر تھا پھر ہم نے محنت،دیانت،مسلسل تحقیق اور فکر کو اپنا سرمایہ بنالیا آج فارورڈ سپورٹس فٹبال کی دنیا کا بڑا نام ہے لاجواب کوالٹی،پرفکر اور مسلسل تحقیق ہی آج بھی ہمارا سرمایہ ہے یہی وجہ ہے کہ تسلسل سے ورلڈ کپ فٹبال،یورو،یوتھ چیمپئن شپ،اولمپکس،لیڈیز ورلڈ کپ فارورڈ سپورٹس کے فٹبال سے ہی کھیلا جاتا ہے امریکہ میں ہونے والے Fifa Club World Cup میں فارورڈ سپورٹس کا بال فٹبال استعمال کیا جائے گا۔

ایس پی آر آئی بی شاہد خان کا ایسٹر کے موقع پر ضلع ساہیوال کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ

ساہیوال کی تمام فیلڈ افسران کو ڈیوٹی کو حاضر،الرٹ اور بریف کرنے کی ہدایات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایس پی آر آئی بی شاہد احمد خان کا کرسچین کمیونٹی کے مذہبی چیکنگ عبادت گاہ میں داخل نہ ہو،ایس پی آر آئی بی۔روف ٹاپ ڈیوٹی کی موجودگی یقینی اور نمایاں ہونی چاہئے،ایسٹر کے مذہبی تہوار کے موقع پر ساہیوال پولیس نے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے ہوئے ہیں،مذہبی اور دعائیہ تقریبات کے دوران مسیحی برادری کو مکمل سیکورٹی فراہم کرنا ساہیوال پولیس کا نصب العین ہے۔



تہوار ایسٹر کے موقع پر ضلع ساہیوال کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ،انہوں نے سیکیورٹی انتظامات چیک کیے اور افسران کو ہدایات بھی دیں،ساہیوال کی تمام فیلڈ افسران کو ڈیوٹی کو حاضر،الرٹ اور بریف کرنے کی ہدایات،اس امر کو یقینی بنایئں کہ کوئی بھی شخص بغیر

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے زیر اہتمام بار وویشنل کورس کا پانچویں سیشن مکمل ہونے پر بار لائبریری میں منعقد تقریب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپریم کورٹ آف پاکستان کی ہدایت پر پنجاب بار کونسل کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے زیر اہتمام بار وویشنل کورس کا پانچویں سیشن مکمل ہونے پر بار لائبریری میں منعقد تقریب سے صدر عرفان اللہ وڑائچ،سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم،ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان وممبر پنجاب بار کونسل شمشاد احمد باجوہ خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب علی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب علی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ،انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے دریافت کیا،اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر احسان الٰہی نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات بارے تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب حسین گرلز ہائیر سیکنڈری سکول مصطفیٰ آباد نے خصوصی شرکت کی اور چوہدری الیاس خاں کی مشاورت میں ٹک کو خوش آئند قرار دیا۔

مصطفیٰ آباد:چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب کی گرلز سکولز کی پرنسپلز سے میٹنگ

ہیڈ مسٹریس سے سکولوں کے مسائل کے حوالے سے ڈسکس کی،ایجوکیشن میری پہلی ترجیح ہے



مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب کی گرلز سکولز کی پرنسپلز سے میٹنگ،مصطفیٰ آباد اور اس کے نواحی دیہات کی ہیڈ مسٹریس سے سکولوں کے مسائل کے حوالے سے ڈسکس کی ،ایجوکیشن میری پہلی ترجیح ہے،سکولوں کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، چوہدری محمد الیاس خاں،تفصیلات کے مطابق گزشتہ مصطفیٰ آباد اور اس کے نواحی دیہات میں گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول مصطفیٰ آباد میں گرلز ہائی سکولز کی ہیڈ مسٹریس سے چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب وایم پی اے چوہدری محمد الیاس خاں نے میٹنگ کی،اس موقع پر ڈی او ایجوکیشن قصور چوہدری شوکت علی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے، چوہدری محمد الیاس خاں نے کہا کہ حلقہ میں تعلیمی انقلاب لانا میری پہلی ترجیح ہے، میں حلقہ کے سرکاری سکولوں کی محرومیاں دور کرنا چاہتا ہوں اسی وجہ سے آج مصطفیٰ آباد اور اس کے نواحی دیہات سے تعلق رکھنے والے نو گرلز سکولز کی ہیڈ مسٹریس کو بلایا ہے،میٹنگ میں مختلف سکولوں کی ہیڈ مسٹریس نے سکولوں میں کمروں کی کمی اور خطرناک قرار دیئے گئے کمروں کو مسمار کر کے نئے کمرے بنانے اور سکولوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگوانے کا مطالبہ کیا، جس پر چوہدری الیاس خاں مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کی یقین دھانی کروائی، میٹنگ میں مصطفیٰ آباد بیگمہ رانا ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول صفیہ بیگم اختر ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بہدیاں، ریحانہ صدیق ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گرین کوٹ، فہمیدہ علی ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول دقتوہ، صدف ناصر ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بستی سلمان آباد، عائشہ ریاض ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول وینگ ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول مصطفیٰ آباد نے خصوصی شرکت کی اور چوہدری الیاس خاں کی مشاورت میں ٹک کو خوش آئند قرار دیا۔

حاجی الطاف حسین ملک کو پیسٹی سائیڈز ڈیلرز ایسوسی ایشن چنیوٹ کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

ہماری تنظیم کے عہدیداران وممبران نے جس اعتماد کا اظہار مجھ پر کیا ہے:نومنتخب صدر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حاجی الطاف حسین ملک کو پیسٹی سائیڈز ڈیلرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ رہنما عمر دراز بھٹی ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکوکارہ نے حاجی الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی



کا صدر منتخب ہونے پر شہری وسماجی اور صحافتی حلقوں کی طرف سے مبارکباد قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب ڈویژن کی تقریر بدلے کی چنیوٹ میں پیپلز پارٹی کے جلسہ میں عوام کی کثیر تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ آنے والا وقت پیپلز پارٹی کا ہے۔گورنر پنجاب۔ہمارا پنجاب خصوصاً چنیوٹ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور حکومت کو ٹیکس کی مد میں کروڑوں روپے ادا کرتا ہے لیکن پھر بھی چنیوٹ کو ترقیاتی منصوبوں میں نظر انداز کیا جاتا ہے جس کے لئے پیپلز پارٹی آواز اٹھائے گی۔گورنر سردار سلیم حیدر پیپلز پارٹی چنیوٹ کی عوام کے لیے تعلیم،صحت اور ترقیاتی منصوبے لے کر آئے گی،چنیوٹ سیمنٹ فیکٹری کے مزدوروں کو انکے بقایاجات دلا کر رہوں گا۔

حاجی الطاف حسین ملک کو پیسٹی سائیڈز ڈیلرز ایسوسی ایشن چنیوٹ کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

ہماری تنظیم کے عہدیداران وممبران نے جس اعتماد کا اظہار مجھ پر کیا ہے:نومنتخب صدر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حاجی الطاف حسین ملک کو پیسٹی سائیڈز ڈیلرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ رہنما عمر دراز بھٹی ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکوکارہ نے حاجی الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی

کا صدر منتخب ہونے پر شہری وسماجی اور صحافتی حلقوں کی طرف سے مبارکباد قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب ڈویژن کی تقریر بدلے کی چنیوٹ میں پیپلز پارٹی کے جلسہ میں عوام کی کثیر تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ آنے والا وقت پیپلز پارٹی کا ہے۔گورنر پنجاب۔ہمارا پنجاب خصوصاً چنیوٹ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور حکومت کو ٹیکس کی مد میں کروڑوں روپے ادا کرتا ہے لیکن پھر بھی چنیوٹ کو ترقیاتی منصوبوں میں نظر انداز کیا جاتا ہے جس کے لئے پیپلز پارٹی آواز اٹھائے گی۔گورنر سردار سلیم حیدر پیپلز پارٹی چنیوٹ کی عوام کے لیے تعلیم،صحت اور ترقیاتی منصوبے لے کر آئے گی،چنیوٹ سیمنٹ فیکٹری کے مزدوروں کو انکے بقایاجات دلا کر رہوں گا۔

سپیشل بچے توجہ محبت وشفقت کے مستحق ہیں۔محمد خالد وسیم

دی لائیٹ سپیشل چلڈرن کی خدمت کا بہترین ادارہ ہے۔صدر دی لائن کلب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دی لائن کلب سیالکوٹ کے صدر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا مدد کے لیے پیش پیش رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے دی لائٹ سکول کی 34 ویں سالگرہ کی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پیرنٹس والدین اور سپیشل بچوں میں خصوصی انعامات تقسیم کیے گئے جبکہ سپیشل بچوں نے پیرنٹس کی محنت کا مظاہرہ دکھاتے ٹیبلو پیش کیے جس پر آئے ہوئے تمام لواحقین اور شرکاء کی آنکھیں نم ہو گئیں اس موقع پر آفتاب حسین ناگرہ،چیئرمین دی لائٹ سکول شفقت چوہدری ،لائن فیضان ایم کپور،لائن عاشق باجوہ،لائن اکرم رضا، لائن فرقان ملک،لائن شہزاد مرزا،لائن صدف غوث پرنسپل دی لائٹ سکول،لائن محسن وسیم،لائن اسامہ وسیم نے انعامات تقسیم کیے۔



ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے زیر اہتمام بار وویشنل کورس کا پانچویں سیشن مکمل ہونے پر بار لائبریری میں منعقد تقریب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپریم کورٹ آف پاکستان کی ہدایت پر پنجاب بار کونسل کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے زیر اہتمام بار وویشنل کورس کا پانچویں سیشن مکمل ہونے پر بار لائبریری میں منعقد تقریب سے صدر عرفان اللہ وڑائچ،سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم،ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان وممبر پنجاب بار کونسل شمشاد احمد باجوہ خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب علی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب علی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ،انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے دریافت کیا،اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر احسان الٰہی نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات بارے تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب علی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ،انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے دریافت کیا،اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر احسان الٰہی نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات بارے تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب حسین گرلز ہائیر سیکنڈری سکول مصطفیٰ آباد نے خصوصی شرکت کی اور چوہدری الیاس خاں کی مشاورت میں ٹک کو خوش آئند قرار دیا۔

بیماریوں بارے عوام میں شعور وآگاہی کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے:ڈاکٹر نعیم

روزمرہ کی غذاء کا استعمال بیماری کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے

وزیرآباد (تحصیل رپورٹر) بیماری اور بیماریوں بارے عوام میں شعور وآگاہی کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے،حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق روزمرہ کی غذاء کا استعمال بیماری کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے،شفافتوں سے پاک صاف پانی جسم کے لئے نعمت خداوندی ہے۔ان خیالات کا اظہار معروف معالج ویوراالوجسٹ ڈاکٹر نعیم احمد چیمہ نے انسانی صحت اور غذا کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ غذائی بے اعتدالیاں جسم میں شوگر،بلڈ پریشر،دل،جگر کی بیماریوں کا باعث بنتی ہیں پاکستان میں مستند معالج سے علاج کے بجائے خود ساختہ علاج اور بلاتحقیق ادویات کا استعمال بھی پیچیدہ امراض کا موجب بن رہا ہے پاکستان میں ہائی بلڈ پریشر کی شرح میں 44 فیصد جو کہ عالمی اوسط کا 33 فیصد ہے ہائی بلڈ پریشر،دل فالج گردوں کی خرابی کا باعث بن رہا ہے خوساختہ علاج ٹوٹکے انسان کو موت کے قریب لے جارہے ہیں،انسانوں میں علاج معالجہ اور بیماریوں کے تدارک بارے شعور اجاگر کر کے انسانیت کی فلاح وبہبود کی کوششوں کے ذریعے انسانوں کو صحت یابی کی جانب لایا جاسکتا ہے۔

رائیونڈ احمد علی سیفی کی بیٹی کی شادی کی تقریب نجی میریج ہال میں کی گئی

شادی کی تقریب میں سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) احمد علی سیفی کی بیٹی کی شادی کی پروقار تقریب جس میں خصوصی شرکت قاری محمد نعیم، کراچی، احمد رشید بھٹی، رانا جاوید عمر، چوہدری احمد بلال رامے، سیٹھ عبدالروف، چوہری الیاس ٹھیکیدار، چوہدری نوید بھٹی اور دیگر مہمانان گرامی نے شرکت فرمائی، تقریب میں مہمانوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔شادی کی تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں نے احمد علی سیفی کی بیٹی کو ڈھیروں دعائیں دیں۔شادی کی تقریب میں شرکت کرنے پر احمد علی سیفی نے تمام دوست احباب کا شکریہ ادا کیا۔

چنیوٹ میں ایسٹر ڈے کی تقریبات کا انعقاد ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں ایسٹر ڈے کی تقریبات کا انعقاد ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی تفصیلات کے مطابق چنیوٹ و چناب نگر میں مسیحی برادری ایسٹر پر جوش طریقے سے منارہی ہے صبح عبادت کا آغاز پاسٹر پرویز قیصر نے کیا گیت زبور گائے گئے اور مسیحی برادری نے ملک پاکستان کے لیے دعائیں بھی کی گئی مزید میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاسٹر پرویز کا کہنا تھا کہ میری طرف سے اور میرے خاندان کی طرف سے تمام مسیحی قوم کو ایسٹر کی خوشیاں بہت بہت مبارک ہوں اور مزید پاسٹر پرویز کا کہنا تھا سیکورٹی اداروں کی طرف سے سیکورٹی کے بہت اچھے انتظامات تھے۔



گردونواح میں جگہ جگہ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم نان کوالیفائیڈ سٹاف زچہ بچہ میں موت بانٹنے لگے

گنجمبر ادکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گنجمبر محکمہ ہیلتھ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں جگہ جگہ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم نان کوالیفائیڈ سٹاف زچہ بچہ میں موت بانٹنے لگے وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ ساہیوال کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد نورشاہ یوسف والا بگوئی پل اور اس کے گردونواح میں جگہ جگہ نان کوالیفائیڈ سٹاف کے ساتھ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم جو زچہ بچہ میں سرعام موت بانٹنے لگے محکمہ ہیلتھ کے افسران کی تمام تر کارکردگی بس فوٹو سیشن تک محدود جس کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد کی عوام میں شدید تشویش کی لہر اور محکمہ ہیلتھ کی کارکردگی پر شدید برہم ان میٹرنٹی ہوم کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں گنجمبر قادرآباد کی عوام کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز،صوبائی وزیر صحت کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ان نان کوالیفائیڈ اور غیر رجسٹرڈ میٹرنٹی ہوم مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

صحافیوں نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا ہے:ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ کے صحافیوں نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا جھنگ کے صحافیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا کہ یہاں کے صحافیوں نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا ہے اور عوامی مسائل کے ساتھ ساتھ انتظامی کوتاہیوں کو بھی ذمہ داری سے اجاگر کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پریس کلب جھنگ نہ صرف ایک فعال ادارہ ہے بلکہ یہ پنجاب کے کسی بھی بڑے شہر کے پریس کلب سے کم نہیں۔ یہ بات انہوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ شازیہ رحمان اور ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر ریاض حسین مارتھ کے ہمراہ پریس کلب جھنگ کے دورے کے موقع پر کہی۔ اس موقع پر پریس کلب کے سیکرٹری خرم سعید، صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔مہمانوں کو پریس کلب کے جدید ڈیجیٹل اسٹوڈیو کا دورہ کروایا گیا،جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے پریس کلب کی خوبصورتی، بدید ہال اور بہتر انتظامی معاملات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

فیسکو سرگودھا سرکل میں دوران ریکوری ملازمین پر ہونیوالے تشدد کی مذمت

انشاءاللہ لاہور والے احتجاج میں شامل ہو کر بھرپور آواز اٹھائیں گے:فیسکو جھنگ سرکل زونل چیئرمین

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو جھنگ سرکل کے زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس، زونل وائس چیئرمین صفدر نواز ڈب،زونل سیکرٹری حافظ عبدالقیوم،زونل جوائنٹ سیکرٹری وڈویژنل چیئرمین محمد اقبال انجم ،ڈویژنل چیئرمین جھنگ ڈویژن فرسٹ مہر نوبہار نول،ڈویژنل چیئرمین سلطان باہو ڈویژن عمران حیدر وڑائچ،چیئرمین گڑھ مہاراجہ سب ڈویژن محمد عرفان سیال ودیگر عہدیداران نے فیسکو سرگودھا سرکل میں دوران ریکوری ملازمین پر ہونیوالے تشدد کی نہ صرف مزمت کرتے ہیں بلکہ ہر وہ قدم اٹھانے کے لیے تیار ہیں جس سے اس طرح کی بدمعاشی کو ختم کیا جاسکے۔چاہے ہمیں پوری فیسکو بند ہی کیوں نہ کرنا پڑی ہم سب اپنی ریجنل کے ہاتھ مضبوط کریں گے ہم انشاءاللہ لاہور والے احتجاج میں شامل ہو کر بھرپور آواز اٹھائیں گے،ہم اپنے اعلیٰ حکام،مرکزی ورجنل یونین سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ کم از کم ہر سرکل میں قانونی ٹیم ہونی چاہیے جن کے ذمہ صرف ایسے کیس ڈیل کرنا ہوں گے۔اس قسم کے واقعات کے لیے ناقابل ضمانت دفعات وقانون ہونا چاہیے۔دہشت گردی کی دفعات کا لاگو ہونا بے حد ضروری ہے۔یہ سلسلہ یہاں ختم نہیں ہونا چاہیے۔ملزمان کو کڑی سے کڑی سزاء ملنی چاہیے ہم حکومت وقت واعلیٰ افسران سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سٹاف کی کمی بھی ان واقعات کی ایک بہت بڑی وجہ ہے سٹاف کی فوری طور پر بھرتی کی جائے ہم شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اپنے چیف ایگزیکٹو فیسکو محمد عامر پنوں کا اپنی ریجنل، زونل ،ڈویژنل یونین،سب ڈویژنل یونین کا جن کی بروقت مداخلت پر ملزمان کی گرفتاری ممکن ہوئی انہوں نے کہا کہ ہم کام سے گھبرانے والے نہیں ہمارے حوصلے اپنی یونین کو بہتر کرنے کے لیے پہلے سے بھی زیادہ بلند ہوں گے

مرکزی جمعیت اہل حدیث کی غزہ کے مظلوموں کے ساتھ اظہار یکجہتی ریلی

ریلی میں ہر طبقہ فکر کے لوگوں نے اور مذہبی جماعتوں نے اور سیاسی جماعتوں اور انجمن تاجران کے عہدیداروں نے بھرپور شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) مرکزی جمعیت اہل حدیث واہلحدیث یوتھ فورس چوآمین شاہ نے غزہ کے مظلوموں کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لئے احتجاجی ریلی نکالی جس میں ہر طبقہ فکر کے لوگوں نے اور مذہبی جماعتوں نے اور سیاسی جماعتوں اور انجمن تاجران کے عہدیداروں نے بھرپور شرکت کی احتجاجی ریلی نے ایک جلوس کی شکل اختیار کر لی بازار سے گزرتے ہوئے ریلی کے شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور پورا شہر فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا ۔مین چوک پر پہنچ کر سب سے پہلے تلاوت کلام پاک سے حافظ احتشام ضیاء نے آغاز کیا اور نعت رسول مقبول محترم حسان نے پیش کی اسکے بعد ننھے عبدالحادی بلال نے فلسطینیوں کے حق میں اپنے جزبات پیش کئے اسکے بعد تمام مقررین نے جن میں اہلحدیث یوتھ فورس سٹی صدر ارسلان ضیاء،اہلسنت والجماعت کے حضرت علامہ نیاز احمد نیازی،حضرت مولانا مبارک محلہ شیرازی،حضرت مولانا رمضان سلفی،جنرل سیکرٹری اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل چوآ کے محمد بلال اور صدر اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل چوآ کے ظہیر حمزہ نے بھرپور طریقے سے غزہ کے مظلوموں کی ترجمانی کی اور اسرائیلی مصنوعات سے بائیکاٹ کا اعلان کیا اس بات کا تمام لوگوں نے وعدہ کیا

ایم این اے سیدہ نوشین افتخار کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ

ڈائیلسز سینٹر کا بھی وزٹ کیا اور حکومت کی طرف سے ملنے والی مفت ادویات اور سہولیات کے بارے دریافت کیا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایم این اے سیدہ نوشین افتخار نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا ہسپتال کی مختلف وارڈز کا وزٹ کیا اور مریضوں کی عیادت کی رکن قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے ڈائیلسز سینٹر کا بھی وزٹ کیا اور حکومت کی طرف سے ملنے والی مفت ادویات اور سہولیات کے بارے دریافت کیا سیدہ نوشین افتخار نے دور دراز سے آئے مریضوں سے سہولیات بارے دریافت کیا اور شکایات کرنے والے مریضوں کو فوری طور پر ادویات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیئے انہوں نے سول ہسپتال میں ڈیوٹی پر تعینات ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری چیک کی اور ایم ایس کو تمام اسٹاف کی حاضری یقینی بنانے اور کارکردگی بہتر کرنے کی ہدائت کی سیدہ نوشین افتخار نے ہسپتال کی بہترین صفائی ستھرائی پر سوپر کو نقد انعام پندرہ ہزار روپے موقع پر ہی ادا کر دیے انہوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر سول ہسپتال ڈسکہ میں بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کا اعادہ کیا

چار بچوں نے گندم کی فصل کو آگ لگا دی ڈیڑھ ایکڑ فصل جل گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چار بچوں نے گندم کی فصل کو آگ لگا دی ڈیڑھ ایکڑ فصل جل گئی موترہ کے نیامت علی وڑائچ کی جامکے چیمہ میں گندم کی فصل کو چار نامعلوم بچوں نے آگ لگا دی جس سے ڈیڑھ ایکڑ رقبہ جل گیا موترہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

گردونواح میں جگہ جگہ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم نان کوالیفائیڈ سٹاف زچہ بچہ میں موت بانٹنے لگے

گنجمبر ادکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گنجمبر محکمہ ہیلتھ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں جگہ جگہ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم نان کوالیفائیڈ سٹاف زچہ بچہ میں موت بانٹنے لگے وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ ساہیوال کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد نورشاہ یوسف والا بگوئی پل اور اس کے گردونواح میں جگہ جگہ نان کوالیفائیڈ سٹاف کے ساتھ میٹرنٹی ہوم کے نام پر موت سینٹر قائم جو زچہ بچہ میں سرعام موت بانٹنے لگے محکمہ ہیلتھ کے افسران کی تمام تر کارکردگی بس فوٹو سیشن تک محدود جس کی وجہ سے گنجمبر قادرآباد کی عوام میں شدید تشویش کی لہر اور محکمہ ہیلتھ کی کارکردگی پر شدید برہم ان میٹرنٹی ہوم کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی ن

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

فیض آباد میں تجارتی مراکز مکمل طور پر بند کر دیے گئے تھے تاہم فیض آباد کو کھولنے کے بعد پولیس کی نفری بھی ہٹا لی گئی ہے۔ قبل ازیں، جماعت اسلامی کی جانب سے غزہ مارچ کے پیشِ نظر سیکیورٹی انتہائی سخت کر دی گئی تھی۔ ریڈ زون اور ایکسٹینڈڈ ریڈ زون کے تمام داخلی و خارجی راستوں کو کنٹینرز اور خاردار تاروں سے بند کر دیا گیا تھا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شہر بھر میں چیکنگ کا عمل مزید سخت کیا گیا جبکہ مختلف حساس مقامات پر گشت میں اضافہ کیا گیا۔ کسی بھی ممکنہ امن و امان کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اضافی سیکیورٹی نفری بھی تعینات کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں کسی بھی قسم کے غیر قانونی اجتماع یا مظاہرے پر پابندی عائد ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں اسلام آباد پولیس کی جانب سے سخت کارروائی کی جائے گی۔ اسلام آباد پولیس نے فیصلہ کیا تھا کہ شہریوں کا امن خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کے خلاف "پبلک فل اسمبلی" اور "پبلک آرڈر ایکٹ" کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سیکریٹری اطلاعات جماعت اسلامی اسلام آباد عامر بلوچ کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی آج اسلام آباد میں غزہ مارچ کرے گی، مارچ کی تیاریاں مکمل ہیں اور شہر کی ہر گلی سے لوگ نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر شہروں سے آنے والے قافلوں کو اسلام آباد میں خوش آمدید کہتے ہیں، اسلام آباد میں آج انسانوں کا سمندر ہوگا۔ مارچ کا مقصد غزہ کے مظلوموں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے۔ عامر بلوچ نے کہا کہ حکومت کسی بھی اوچھے ہتھکنڈوں سے باز رہے اور راستے کھول دے۔ اسلام آباد کے شہریوں کے لیے رکاوٹیں نہ کھڑی کی جائیں راستے کھولے جائیں، راستوں کی بندش ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتی۔ سیکریٹری اطلاعات جماعت اسلامی اسلام آباد کا کہنا تھا کہ غزہ مارچ کے راستے روکنا حکومت کی فلسطین سے محبت کا نقاب اتار رہی ہے، حکومت امریکی خوشنودی کے لیے مارچ کا راستہ روک رہی ہے۔

بقیہ جات 2

(ن) کی جانب سے پوری کرسچن کمیونٹی کو ایسٹر کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں سب کو فخر سے بتاتا ہوں کہ میں 70 ہزار کرسچن ووٹرز کا نمائندہ ہوں، کرسچن کمیونٹی نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا، احسان کرنے والے محسن کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے، قومی اسمبلی میں بھی کرسچن کمیونٹی کا نمائندہ بن کر بات کرتا ہوں، مستقبل میں بھی کرسچن کمیونٹی کے حق کی بات ہمیشہ کرتا رہوں گا، آپ کے حق کی آواز اٹھاتا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ کرسچن کمیونٹی نے قیام پاکستان میں اہم کردار ادا کیا، دنیا کے بہترین فائر پائلٹ کرسچن کمیونٹی نے پیدا کیے، دعا ہے یہ گلدستہ ہمیشہ پھلتا پھولتا رہے۔ انہوں نے کہا کہ کرسچن کمیونٹی کی قیام پاکستان میں اہم کردار ادا کیا، دنیا کے بہترین فائر پائلٹ کرسچن کمیونٹی نے پیدا کیے، دعا ہے یہ گلدستہ ہمیشہ پھلتا پھولتا رہے۔ آئینی عہدوں پر رہتے ہوئے بات زیادہ ذمہ داری سے کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمیں اسی جذبے کو مزید فروغ دینا چاہیے تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، ہم آہنگی اور یکجہتی کو تقویت دی جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ایوان بالا (سینیٹ) نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس سلسلے میں اہم قانون سازی بھی عمل میں لائی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قوانین کا مقصد اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔

بقیہ جات 3

طیبہ اور تعلیمات کی یاد دلاتا ہے، یہ موقع ہمیں ایثار، درگزر اور امن جیسی آفاقی اقدار پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کے نمایاں کردار کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، مسیحی برادری کی محنت، دیانت اور خدمات ہمارے لیے قابلِ فخر سرمایہ ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا ہے کہ یقین ہے مسیحی برادری پُرامن، خوشحال پاکستان کی تشکیل میں اپنا کردار جاری رکھے گی۔ شہباز شریف سمیت دیگر اکابرین نے ایسٹر کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امن اور محبت کا پیغام دیتا ہے، جو ایک پرامن اور ہم آہنگ معاشرے کے قیام کے لیے نہایت اہم ہے۔ ایسٹر کے پرمسرت موقع پر اپنے پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب اور عقائد کے لوگ باہمی احترام اور رواداری کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر ہمیں اسی جذبے کو مزید فروغ دینا چاہیے تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، ہم آہنگی اور یکجہتی کو تقویت دی جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ایوان بالا (سینیٹ) نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس سلسلے میں اہم قانون سازی بھی عمل میں لائی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قوانین کا مقصد اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔

بقیہ جات 4

مسئلے پر سیاست نہیں کرنی چاہیے، معاملات میز پر بیٹھ کر حل کرنے چاہئیں۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ نواز شریف اور شہباز شریف نے پیپلز پارٹی سے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا کہ اکائیوں کے پانی سمیت مسائل کی منصفانہ تقسیم پر مکمل یقین رکھتے ہیں، پیپلز پارٹی وفاق کا حصہ ہے، آئینی عہدوں پر رہتے ہوئے بات زیادہ ذمہ داری سے کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمیں پیپلز پارٹی کی قیادت کا بہت احترام ہے، 1991ء میں صوبوں کے درمیان ہونے والے معاہدے اور ارسا ایکٹ کی موجودگی میں کسی سے ناانصافی نہیں ہوسکتی۔

بقیہ جات 5

دین الاقوامی تعاون نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار کی دعوت پر اسلام آباد کا دورہ کریں گے۔ ترجمان کے مطابق روانڈا کے وزیر خارجہ اولیویئر جے پی ندو ہنگیرے ہے دورہ پاکستان میں اسحٰق ڈار سے ملاقاتیں کریں گے جب کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ شفقت علی خان نے بتایا کہ روانڈا کے وزیر خارجہ وزیر اعظم شہباز شریف اور چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے بھی ملاقاتیں کریں گے جب کہ وہ بعض اہم وفاقی وزرا سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ جات 6

مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امن اور محبت کا پیغام دیتا ہے، جو ایک پرامن اور ہم آہنگ معاشرے کے قیام کے لیے نہایت اہم ہے۔ ایسٹر کے پرمسرت موقع پر اپنے پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب اور عقائد کے لوگ باہمی احترام اور رواداری کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر ہمیں اسی جذبے کو مزید فروغ دینا چاہیے تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، ہم آہنگی اور یکجہتی کو تقویت دی جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ایوان بالا (سینیٹ) نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس سلسلے میں اہم قانون سازی بھی عمل میں لائی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قوانین کا مقصد اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔

بقیہ جات 7

پنجاب کے پہلے فلم سٹی، فلم سٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب، پاکستان کے پہلے فلم سکول کے قیام کی منظوری دے دی۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی میں فلم سٹی، فلم سٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب کے لیے جگہ مختص کر دی گئی، ڈیزائن سمیت دیگر اقدامات پر پیشرفت کا پہلا جائزہ بھی مکمل کیا گیا۔ پنجاب کابینہ کی منظوری کے بعد ''پنجاب فلم فنڈ ڈسپرسمنٹ کمیٹی'' تشکیل دی گئی، نوٹیفکیشن جاری کر دی گئی۔ کمیٹی رواں مالی سال میں پنجاب کی فلم انڈسٹری کے فروغ کے لیے فلم سازوں کو گرانٹ جاری کرے گی۔ وزیر اطلاعات نیشی شجاع الرحمن، وزیر انسانی حقوق و اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑا بھی کمیٹی کے رکن ہیں۔ صوبائی سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی، سیکرٹری منصوبہ بندی آصف طفیل، سیکرٹری خزانہ مجاہد شیر دل، سیکرٹری سیاحت فرید احمد تارڑ بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ کمیٹی فلم سازوں اور فلم ساز کمپنیوں کی درخواستوں کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی نئی فلموں کی تیاری اور نامکمل فلموں کے اسکرپٹ کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی فنڈ کے انتظام، اہلیت کے معیار اور پراکس آفس مراعات سے متعلق امور پر فیصلہ کرے گی۔ کمیٹی کو کسی معاملے پر ذیلی کمیٹیاں تشکیل دینے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔ مریم اورنگزیب کی صدارت میں کمیٹی کے پہلے اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن پر عملدرآمد کے لئے اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 8

ٹرمپ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مقابلہ جاری ہے، مخصوص لابیوں کی جانب سے حماس سے لاتعلق ہو جانے اور اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مشورے دیے جا رہے ہیں، پاکستانیوں اور فلسطینیوں میں رشتہ ایمان اور عقیدہ کا ہے، اسرائیل کو تسلیم نہ کرنا پاکستان کی ریاستی پالیسی ہے جو قائداعظمؒ نے وضع کی، حکمران دو ریاستی حل کی تجاویز پیش نہ کریں، اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ کی مہم کو منظم کیا جائے گا، ہمیں معلوم ہے دشمن کا ہتھیار کس طرح اس کے ہی خلاف استعمال کرنا ہے، کل (جمعہ کو) ملتان میں غزہ مارچ ہوگا، 20 اپریل کو اسلام آباد میں ملکی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے سپیریئر یونیورسٹی میں غزہ مارچ میں شرکت کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت نے کہا کہ جماعت اسلامی اسرائیل، امریکا اور ان کے آلہ کاروں کے خلاف آواز بلند کر رہی ہے، اسرائیل کو موجودہ طاقت اسلامی ممالک کے حکمرانوں کی خاموشی کی وجہ سے ملی ہے، پاکستان، ترکی، سعودی عرب، ملائیشیا، انڈونیشیا کی حکومتیں مل کر اسرائیل کو خبردار کریں اور افواج کی پیش قدمی کا اعلان کریں تو ٹرمپ بھاگ کر ان کے پاس آئے گا اور غزہ میں جنگ بندی کرائے گا، بدقسمتی سے اسلامی ممالک کے حکمران امریکا سے خوفزدہ ہیں اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں، حکمران طبقہ جان لے کہ انھیں تاریخ کبھی فراموش نہیں کرے گی، مذہبی مسئلہ کے ساتھ ساتھ غزہ میں جاری مسئلہ انسانیت کا بھی ہے، اسرائیل حماس سے جنگ ہار گیا، صیہونی افواج بچوں، خواتین اور نہتے لوگوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے تحریک پاکستان کے تاریخی حوالے دیتے ہوئے یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات کو بتایا کہ آل انڈیا مسلم لیگ کے جلسوں میں جہاں الگ وطن پاکستان کا مطالبہ کیا جاتا تھا وہیں فلسطینیوں کے حق میں قرارداد منظور ہوتی تھی، 1929ء میں علامہ اقبال؟ نے کہا کہ فلسطین میں ہمارے بچوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کیا جا رہا ہے، 1931ء میں انھوں نے غلام رسول مہر کے ساتھ امین الحسینی کی میزبانی میں منعقدہ فلسطین کانفرنس میں شرکت کی، قائداعظم ؟ نے واضح کیا تھا کہ اسرائیل ناجائز ریاست ہے، لیاقت علی خان کو امریکا میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کی تجویز پیش کی گئی تو ان کا جواب تھا کہ ہماری روح برائے فروخت نہیں۔ امیر جماعت نے کہا کہ حماس کی مزاحمت اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہے، حماس 2006ء میں الیکشن میں کامیاب ہوئی، حماس فلسطین کی سب سے بڑی جمہوری طاقت ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اسرائیل کو امریکا اور یورپی ممالک کی مکمل حمایت حاصل ہے، اسرائیل کی سب سے بڑی طاقت امریکا میں یہودی لابی ہے، اسرائیل کی حمایت کرنے والے امریکی سیاستدانوں کو یہودی لابی کی مکمل حمایت حاصل ہوتی ہے، اسرائیل کی حمایت کرنے والے امریکی سیاستدانوں کو یہودی لابی کی مکمل حمایت حاصل ہوتی ہے۔ فلم انڈسٹری سے وابستہ حلقوں نے ان اقدامات کو ''تاریخی پیش رفت'' قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ فیصلے پاکستانی سینما کو ایک نئی زندگی عطا کریں گے۔

بقیہ 9

جانے والا یہ تہوار ہے، اس سے مل 40 روزے رکھے جاتے ہیں۔ ایسٹر کو عید یا شکایا عید قیامت المسیح بھی کہا جاتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے مسیحی عبادتگاہوں میں خصوصی عبادات کی گئیں جس میں ملک و قوم کی سلامتی کے لئے بھی خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ لاہور سمیت ملک بھر میں سکیورٹی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا۔ مسیحی عبادتگاہوں کیلئے خصوصی سکیورٹی پلان ترتیب دیا گیا جس کے تحت گرجا گھروں کے اندر اور باہر پولیس اہلکار تعینات رہے جبکہ عبادت کے لئے آنے والوں کو جامع تلاشی کے بعد اندر داخل ہونے کی اجازت دی گئی۔ گرجا گھروں کی طرف آنے والے راستوں پر ناکے لگائے گئے جبکہ پولیس اور ایلیٹ فورس کے کمانڈوز اطراف میں پیٹرولنگ کرتے۔

بقیہ جات 10

داخلہ حسن نقوی نے معاشی و سماجی شعبوں میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دینے پر سعودی عرب کی حکومت اور سفیر کا شکریہ ادا کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاک گلف تعاون کونسل اسداد منشیات کانفرنس میں سعودی عرب کے اعلیٰ سطح کے وفد کی شرکت پر مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکائیوں کے پانی سمیت مسائل کی منصفانہ تقسیم پر مکمل یقین رکھتے ہیں، پیپلز پارٹی وفاق کا حصہ ہے، آئینی عہدوں پر رہتے ہوئے بات زیادہ ذمہ داری سے کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمیں پیپلز پارٹی کی قیادت کا بہت احترام ہے، 1991ء میں صوبوں کے درمیان ہونے والے معاہدے اور ارسا ایکٹ کی موجودگی میں کسی سے ناانصافی نہیں ہوسکتی۔

بقیہ جات 11

کہا کہ پارٹی کے اندرونی معاملات بگاڑنے والوں کو بے نقاب کرنا ہوگا۔

بقیہ جات 12

ہے کہ حکومت کو یہ بھی فلسطین مارچ روکنے کا کوئی حق نہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ حکومت کو کوئی حق نہیں فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی مارچ کو روکے، جماعت اسلامی کا فلسطین سے اظہار یکجہتی مارچ پُرامن ہوگا، حکومت رکاوٹیں کھڑی کر کے پوری دنیا میں رسوا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین سے یکجہتی کیلئے کوئی نوگوایریا نہ بنایا جائے، کویت کا اسرائیل سے تعلقات ختم کرنے کا اعلان پوری امت کی ترجمانی ہے۔ واضح رہے کہ آج اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے ممکنہ غزہ مارچ کے پیشِ نظر سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے ہیں، ریڈ زون کے تمام داخلی و خارجی راستے کنٹینرز اور خاردار تاروں سے سیل کر دیئے گئے ہیں۔

بقیہ جات 13

کی ممکنہ نقل و حرکت کی اطلاع ملنے کے بعد سکیورٹی خدشات کے باعث رزمک، میرم شاہ اور میر علی میں اتوار کو کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ضلعی حکام کے مطابق اتوار کی صبح 6 بجے سے شام 6 بجے تک میران شاہ سے بنوں تک، کوٹ پل سے ڈگئین تک اور میلوگئی پل تک کرفیو نافذ رہے گا۔ حکام نے کہا، کہ سکیورٹی وجوہات کے بنا پر کرفیو لگانا ضروری تھا، یہ اقدام احتیاطی تدبیر کے طور پر اٹھایا گیا ہے۔ انتظامیہ نے مقامی لوگوں پر زور دیا کہ وہ غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں۔

بقیہ جات 14

جیل کے مطابق عالیہ حمزہ کو ہفتے کو اسلام آباد کی مقامی عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ مقامی عدالت سے 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر انہیں اڈیالہ جیل شفٹ کیا گیا، عالیہ حمزہ کو اڈیالہ جیل سے جمعہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل انتظامیہ نے عالیہ حمزہ کو لینے سے معذرت کر لی تھی اور کہا تھا کہ خواتین بیرک میں تعداد سے زیادہ حوالاتیوں کے باعث عالیہ حمزہ کو بہلم جیل بھجوایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ کو گزشتہ روز سول جج ممتاز منجرا نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دیا تھا، عالیہ حمزہ کو گرفتار کر کے تھانہ چکلالہ میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 15

کمیٹی قاضی انور کی اسپیکر کے پی سے متعلق انکوائری رپورٹ سامنے آگئی۔ رپورٹ کے مطابق اسپیکر بابر سلیم سواتی پر لگائے گئے الزمات ثابت نہیں ہو سکے، اسپیکر ہاؤس کی تزئین و آرائش پر 3 کروڑ روپے کی ادائیگی میں اسپیکر کا کوئی کردار نہیں تھا، بحیثیت اسپیکر بابر سواتی کا آسٹریلیا میں ہونے والی کانفرنس میں شرکت کے لیے جانا ضروری تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کلاس فور ملازمین کو روزگار تبادلے کے دفتر کی سفارش پر بغیر اشتہار قوائد کے مطابق بھرتی کیا گیا، اسپیشل سیکریٹری سمیت تمام تقرریاں اور ترقیاں ڈی پی سی کی سفارشات پر ہوئیں۔ انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی کمیٹی رپورٹ کے مطابق اسپیکر اپنے عہدے کے لحاظ سے اسمبلی کے سامنے جوابدہ ہیں نہ کہ کمیٹی کے سامنے۔ تحقیقاتی رپورٹ تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو ارسال کر دی گئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اعظم سواتی نے اسپیکر کے پی اسمبلی پر کرپشن اور غیر قانونی بھرتیوں کا الزام لگایا تھا۔ اسپیکر نے الزامات کا نوٹس لیتے ہوئے خود انکوائری کے لیے پارٹی کمیٹی کو خط لکھا تھا، کمیٹی نے اعظم خان سواتی سے الزامات کے ثبوت طلب کیے تھے۔

بقیہ 16

نے مزید کہا کہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی صوبہ دوسرے صوبے کے پانی پر ڈاکہ ڈالے، ہمیں 2047 تک بھارت کو معاشی میدان میں پیچھے چھوڑنا ہے۔ دوسری جانب دریائے سندھ سے 6 نہریں نکالنے کے خلاف وکلا کی جانب سے خیر پور کے قریب ہیرلو بائی پاس پر 2 روز پہلے دیا جانے والا دھرنا تاحال جاری ہے جس سے سندھ اور پنجاب کے درمیان ٹریفک جمعہ سے معطل ہے۔

بقیہ 17

حوالے سے سینیٹر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی سربراہی میں 8 رکنی ''پنجاب فلم فنڈ ڈسبرسمنٹ کمیٹی'' تشکیل دی گئی ہے، جس کا پہلا اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ مریم اورنگزیب کمیٹی کی کنوینر کے طور پر خدمات انجام دیں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، فلم کی تیاری کے لیے مالی امداد فراہم کرنے، فلم سازوں کی درخواستوں کے جائزے، اور پراکس آفس مراعات سمیت دیگر اہم امور پر فیصلہ سازی کمیٹی کے ذمے ہوگی۔ کمیٹی کو کسی بھی معاملے پر ذیلی کمیٹیاں تشکیل دینے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔ مریم اورنگزیب کی صدارت میں کمیٹی کے پہلے اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن پر عملدرآمد کے لئے اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 18

اسرائیل نے آئندہ مہینوں میں ایرانی جوہری تنصیبات پر حملے کا امکان مسترد نہیں کیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حکام نے تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنے کا عہد کیا ہے اور یقین یا ہو کا اصرار ہے کہ ایران کے ساتھ کسی بھی قسم کے مذاکرات کے نتیجے میں اس کا جوہری پروگرام مکمل طور پر ختم ہونا چاہیے۔

بقیہ جات 19

کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت نے ان تنظیموں سے وابستہ پلیٹ فارمز پر پھیلائی جانے والی تنبیہ کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ اس انتباہ میں مسجد اقصیٰ کو اڑا دینے اور تباہ کرنے اور اس کی جگہ مبینہ ہیکل کی تعمیر کی بات کی گئی تھی۔ وزارت خارجہ نے ان کالوں کو متبوضہ بیت المقدس میں عیسائی اور اسلامی مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کے لیے ایک منظم اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے اسرائیل کے حکمران غزہ کی پٹی میں کیے جانے والے جنگی جرائم پر کمزور بین الاقوامی ردعمل کے تناظر میں اب خود کو اپنے توسیع پسندانہ اور نسل پرستانہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے قابل محسوس کر رہے ہیں۔ وزارت نے بین الاقوامی برادری اور اس کے متعلقہ اقوام متحدہ کے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ اس اشتعال انگیزی سے انتہائی سنجیدگی کے ساتھ نمٹا جائے۔ اسرائیلی حکومت کی طرف سے ہمارے لوگوں کو تنہا کرنے کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی قانون کے تحت مطلوبہ اقدامات کیے جائیں۔ عالمی برادری امن کے لیے اسرائیل کو بین الاقوامی اور علاقائی خواہشات پر عمل کرنے اور بین الاقوامی قانونی قراردادوں کی تعمیل کرنے پر مجبور کریں۔

بقیہ جات 20

کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ساڑھے 5 لاکھ کاشت کاروں کو براہ راست گندم سپورٹ فنڈ کے تحت 15 ارب روپے کے فنڈز کی منظوری انتہائی خوش آئند قدم ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پنجاب میں گندم کے کاشتکاروں کے لیے آبیانہ اور فکس ٹیکس میں بھی چھوٹ کاشتکاروں کے لئے ریلیف ہے، کسانوں کو چار ماہ مفت سٹوریج کی سہولت مہیا کرنے کے اقدام سے گندم کو موسمی اثرات اور کسانوں کو مارکیٹ کے دباؤ سے محفوظ رکھنے میں آسانی ہوگی، گندم اور گندم سے تیار شدہ اشیا کی برآمد میں وفاقی حکومت، حکومت پنجاب کو بھرپور تعاون فراہم کرے گی۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ پاکستان کی خوشحالی کسان کی خوشحالی سے جڑی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) کا منشور ہے کہ کسان کو اس کی محنت کا پورا پورا معاوضہ ملے، کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب کے بروقت اقدامات نہ صرف کسانوں بلکہ پوری پاکستانی معیشت کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔

بقیہ جات 21

گئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق واشنگٹن اور دیگر شہروں میں ٹرمپ کے خلاف مظاہروں کی کال دی گئی ہے، جس کے بعد واشنگٹن ڈی سی میں مظاہرین جمع ہونا شروع ہو گئے۔ ڈونلڈ ٹرمپ مخالف مظاہروں کی کال 50501 موومنٹ نے دی ہے، 50501 کا مطلب پچاس امریکی ریاستوں میں پچاس مظاہروں کی ایک تحریک ہے۔ منتظمین کا کہنا تھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ انتظامیہ کے غیر جمہوری، غیر قانونی اقدامات پر احتجاجی مظاہروں کی کال دی گئی ہے۔

بقیہ جات 22

سول اور فوجداری اپیلوں جبکہ 28 سنگل بنچ حکم امتناعی، ضمانت، اندراج مقدمہ کے کیسوں کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد پرنسل سیٹ پر مقدمات کی سماعت کیلئے ترمیمی جمبز روسٹر جاری کیا گیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس عبہر گل خان پر مشتمل بنچ ہر قسم کے کیسوں پر سماعت کرے گا۔

بقیہ جات 23

کی بنیاد ہیں۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ میں داعش کے خلاف آپریشن انہیر انٹ ریزولو جاری رہے گا۔ امریکی محکمہ دفاع نے کہا کہ 2019 میں داعش کی شکست کے بعد عالمی اتحاد نے اہم کردار ادا کیا، امریکی سینٹرل کمانڈ نے گزشتہ سال داعش پر متعدد فضائی حملے کیے۔ پینٹاگون کا کہنا تھا کہ عالمی برادری دہشتگرد تنظیم داعش کے قیدیوں کا مسئلہ حل کرے، شام میں فوجی کی کمی کے باوجود خطے میں فوجی صلاحیت برقرار رکھی جائے گی۔

بقیہ 24

کے انڈس ہائی وے پر دھرنے کا اعلان کر دیا۔ لشکور میں وکلا نے کینال کے معاملے پر تین دن سے جاری دھرنا ختم کر کے شکار پور انڈس ہائی وے پر دھرنا منتقل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وکلا کی طرف سے دھرنا ختم کرنے کے اعلان کے بعد روڈ کوٹر یفک کے لئے کھول دیا گیا، 3 روزہ دھرنے کے باعث سندھ سے پنجاب و بلوچستان کو جانے اور آنے والی ٹریفک مکمل بند ہوگئی تھی۔

بقیہ جات 25

روک دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی حکومت کے وال اینڈ سیٹلمنٹ ریزسٹنس کمیشن نے اپنے فیس بک پیج پر ایک پوسٹ میں بتایا ہے کہ اسرائیلی حکام نے پیشگی انتباہ کے بغیر فلسطینی وزیر اعظم محمد مصطفیٰ کو نابلس گورنری کے قصبوں دوما اور قصرہ اور رام اللہ اور البیرہ کے قصبوں برقہ اور دیر دبوان کا میدانی دورہ کرنے سے روک دیا۔

بقیہ جات 26

خارجہ کے مطابق روم میں عمان کے سفیر کی رہائش گاہ پر امریکی اور ایرانی وفود الگ الگ کمروں میں بیٹھے اور عمان کے وزیر خارجہ نے پیغامات کا تبادلہ کیا۔ ترجمان کا کہنا تھا ایران سنجیدگی سے مذاکرات میں حصہ لے رہا ہے، غیر قانونی پابندیاں قابل اعتماد ضمانتوں کے ساتھ ہٹانی ہوں گی، ایران کے لیے جوہری تکنیکی کامیابیوں کا تحفظ لازم ہے، اس پر بات چیت ممکن نہیں۔ عمانی وزارت خارجہ کے مطابق بات چیت ایران کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے، پابندیوں کے خاتمے اور پرامن جوہری پروگرام کا حق دینے پر مرکوز رہی۔ دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت کا اگلا دور عمان میں ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے گفتگو کو تعمیری قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ تکنیکی ملاقاتوں کے بعد امید ہے اگلے ہفتے معاہدے کے امکان کا فیصلہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بہت زیادہ خوش امیدی اور بہت زیادہ مایوسی کے بجائے ہمیں درمیانی راستے پر رہنا ہوگا۔

بقیہ جات 27

کراچی حراست میں لے لیا۔ ترجمان ایس ٹی پی کے مطابق سید جلال شاہ کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس نے ایس ٹی پی کے ضلعی صدر سید جلال شاہ، حیدر شورو، حکیم بروہی اور جاوید جانوری و دیگر پر وزیر مملکت کی گاڑی پر حملے کا مقدمہ درج کیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھیل داس کوہستانی کی گاڑی پر ٹھٹھہ میں احتجاجی مظاہرین نے پتھراؤ کیا تھا۔ متنازع نہروں کے خلاف قوم پرست جماعتوں کے کارکنان کا احتجاج جاری تھا کہ اس دوران وزیر مملکت کا قافلہ وہاں سے گزرنے کیلئے پہنچا۔ مشتعل مظاہرین گاڑی کو دیکھ کر مشتعل ہوئے اور انہوں نے گاڑی پر انڈے ٹماٹر برسائے جبکہ شدید نعرے بازی بھی کی تاہم قافلہ وہاں سے گزر گیا۔

بقیہ جات 28

جائے دوسرا ہائی کوئی ایسا بیان نہ دیں جس سے مذاکرات متاثر ہوں۔ اگر پارٹی کے اندر سے کوئی واردات نہ ڈالی گئی تو بانی 45 دن میں باہر ہوں گے، اسٹیبلشمنٹ سے پہلے بھی پانچ مذاکرات ہوئے تھے، دو مذاکرات کے بارے میں ہم نے کسی کو نہیں بتایا تھا۔ انہوں نے کہ 8 اکتوبر کے مذاکرات میں بانی کو پندرہ دن جیل سے رہا ہونا تھا اور 45 دن میں الیکٹ ہو کر اسمبلی پہنچنا تھا، معاملات آگے بڑھے تو بانی نے پرنسپل گارنٹر یعنی علی امین گنڈاپور کو ہی ہٹا دیا جس پر دوسرے فریق نے کہا کہ آپ اپنے منصب کا تو دفاع کر نہیں سکتے اور ہمارے لیے پرنسپل گارنٹر بن رہے ہیں۔ شیر افضل مروت نے عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ علیمہ خان نے نہایت ناشائستہ زبان استعمال کی، بانی کے کانوں میں میرے خلاف زہر بھرا، ایسا سلوک کیا گیا جیسے ذاتی ملازم ہوں؟، پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا ان کے براہِ راست کنٹرول میں ہے اور پچھلے ایک سال سے مستقل نشانہ بنایا جا رہا ہے، میں علیمہ خان کو

پاکستان میں معروف ویگر اسیلڈ ینافل سلائزیشن رجسٹریشن پاکستان میں دوفارما کمپنیوں کو دیدی گئی نوٹس مہر

بدنام زمانہ جنسی دوا کو اصل میں بچوں میں سانس کی نالی میں تکلیف کے استعمال کیلئے ڈرگ اتھارٹی نے رجسٹریشن دیدی ہے اب مناکسو کا ساتھ ہوتا ہے ہمکران طبقہ اپنی پوزیشن واضح کرے کس کے ساتھ ہے

وضاحت کرنا ضروری ہے کہ اینافل سپشن ایک سیلڈ ینافل پرمنی دوا ہے، جسے 10 ملی گرام فی ملی لیٹر کی طاقت میں پیش کیا جاتا ہے، ہر فارماسسٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ڈرگ اتھارٹی نے رجسٹریشن دیدی ہے اب مناکسو کا ساتھ ہوتا ہے ہمکران طبقہ اپنی پوزیشن واضح کرے کس کے ساتھ ہے

لاہور (خبر نگار) پاکستان میں معروف ویاگرا سیلڈ ینافل سائیٹرٹ کی رجسٹریشن دوفارما کمپنیوں کو دیدی گئی نوٹس جاری کردیا، ذرائع کے مطابق ڈرگ اتھارٹی نے رجسٹریشن دینے کی وجہ بدنام زمانہ جنسی دوا کو اصل میں بچوں میں سانس کی نالی میں تکلیف کے استعمال کو ظاہر کیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈرگ اتھارٹی نے رجسٹریشن دینے سے پہلے فارماسسٹ ایڈوکیٹ، پاکستان میں ادویات کی قیمتوں میں کھلی چھٹی کے بعد پاکستان میں بچوں میں سانس کی نالی اور دل کی امراض کے لیے اہم دوا سیلڈ ینافل کو سیرپ کی شکل میں رجسٹریشن مریضوں کے لیے انتہائی خوشخبری ہے فور مہر مار فارماسسٹ نے جاری کردہ اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں یہ دوا بہت پہلے رجسٹر ہو جانی چاہیے تھی، تکلیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: جمعیت فلاح اسلام (ف) ضلع لاہور کے ذمہ دار علامہ احمد بلال احمدی کی جانب سے دی گئی عیدملن پارٹی میں رہنماؤں کا گروپ فوٹو

غیر معیاری گوشت اسلام آباد سپلائی کرنیوالی لوڈ گاڑی پکڑی گئی

سپلائر سے 1200 کلوگرام بیمار جانوروں کا بدبودار مضر صحت گوشت برآمد، تلف کردیا گیا

گوشت تلف کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

سرگودھا (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری گوشت اسلام آباد سپلائی کرنے والی لوڈ گاڑی کو پکڑ کر سیلاڑ سے 1200 کلوگرام بیمار جانوروں کا بدبودار مضر صحت گوشت برآمد کرلیا جس کو تلف کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا، تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے سرگودھا کے مضافاتی علاقے سلیمی کے فارم میں چھاپہ مار کارروائی کی، ٹیم نے موقع پر 1200 کلوگرام بیمار اور بدبودار مضر صحت گوشت برآمد کرلیا جس کو تلف کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

حماس کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، اسرائیلی وزیراعظم

حماس کے مطالبات کے سامنے جھک گئے تو ہم غزہ میں دوبارہ جنگ نہیں کرسکیں گے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ہم اس جنگ کا خاتمہ نہیں ہونے دیں گے جب تک حماس کو ختم نہ کردیں، غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ٹیلی ویژن پر بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک تمام مغویوں کو واپس نہ لے آئیں، جنگ کو ختم نہیں کریں گے، یحییٰ سنوار کی موت کے بعد حماس کے مطالبات کے سامنے جھک گئے تو ہم غزہ میں دوبارہ جنگ نہیں کریں گے، تاہم ہم حماس کے خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے، ہمارا مقصد حماس کو ختم کرنا تھا، اسی لیے ہم نے جنگ شروع کی تھی، ہم حماس کو ختم کرنے کے لیے اپنے مقصد پر ڈٹے رہیں گے، ہم اپنے مقصد کے حصول تک جنگ جاری رکھیں گے